دعویٰ: استقرار حق، بعنوان: طارق محمود بنام شاہد محمود وغیرہ‘ اخبار اشتہار بنام: شاہد محمود ولد محمود احمد، روبینہ، زرینہ، سمینہ کوثر، رحیلہ، آسیہ کوثر بیوہ محمود احمد سکنہ P-776/3 SL No 12 محلہ حیدرآباد نشاط آباد فیصل آباد۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ 04-02-2025 کو صبح نو بجے حاضر عدالت آکر پیروی مقدمہ کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔

بعدالت جناب اللہ یار بھٹی صاحب
سول جج درجہ اوّل تحصیل چیچہ وطنی

دعویٰ: حکم امتناعی دوامی‘ بعنوان: محمد ممتاز بنام محمد مشتاق ولد بشیر احمد قوم آرائیں سکنہ چک نمبر 66/12L تحصیل چیچہ وطنی ضلع ساہیوال۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا آپ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقرر مورخہ 03-02-2025 کو صبح 9 بجے حاضر عدالت آکر پیروی مقدمہ کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔

''حضورؐ جانتے ہیں'' کی تقریب رونمائی کیلئے ڈاکٹر سرور حسین نقشبندی لندن روانہ

حضور جانتے ہیں
نعتیہ مجموعہ
ڈاکٹر سرور حسین نقشبندی

لاہور (پ ر) ممتاز نعت خواں و نعت گو ڈاکٹر سرور حسین نقشبندی اپنے پہلے نعتیہ مجموعے ''حضور جانتے ہیں'' کی پہلی تقریب رونمائی کے لیے لندن روانہ ہوگئے جہاں وہ یکم فروری کو والتھم انٹرنیشنل کالج لندن کے زیر اہتمام منعقد ہونے والی تقریب میں شرکت کریں گے۔ اس تقریب میں برطانیہ کی معروف علمی ادبی روحانی شعری سیاسی وسماجی شخصیات شریک ہوں گی جو ان کی اس نعتیہ شعری کتاب کے حوالے سے اظہار خیال کریں گی۔ مختلف میڈیا چینلز اور معروف ادبی اداروں کی طرف سے بھی ان کے مختصر قیام کے دوران نشستیں منعقد کی جائیں گی۔ برطانیہ کی ادبی شعری حلقوں کی طرف سے ان کے تیس سالہ نعتیہ سفر کے بعد منظر عام پر آنے والے شعری مجموعے پر خیر مقدمی جذبات کا اظہار کیا جارہا ہے۔ کتاب میں معتبر اہل علم وادب نے ان کی شاعری پر اپنے گراں قدر خیالات کا اظہار کیا ہے جن میں ڈاکٹر خورشید رضوی، ڈاکٹر تحسین فراقی، امجد اسلام امجد، پیر امین الحسنات، سید ریاض حسین شاہ، ڈاکٹر حسین محی الدین قادری سید وصی شاہ اور دیگر شامل ہیں۔ وہ گیارہ فروری کو وطن واپس پہنچیں گے۔

بعدالت جناب کاشف فیضان رسول صاحب
سول جج فرسٹ کلاس کھاریاں

دعویٰ استقرار حق۔ آمنہ شوکت بنام عوام الناس۔ اشتہار بنام۔ آمنہ شوکت دختر شوکت محمود زوجہ جبار حسین سکنہ پوسٹ آفس رڑیالہ گاؤں بھٹیاں تحصیل کھاریاں ضلع گجرات بنام عوام الناس، نکاح رجسٹرار محمد شاہد ولد محمد انور سکنہ گاؤں بدر تحصیل کھاریاں ضلع گجرات۔ ہرگاہ دعوی مندرجہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ وعوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا مدعاعلیہ وعوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار اخبار بتقرر مورخہ 08-02-2025 کو عدالت حاضر آکر اپنا جواب دعوی یا موقف پیش کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب فرح دیبا گھمن صاحبہ
سول جج درجہ اول پتوکی ضلع قصور

دعوی استقرار حق وغیرہ عنوان محمد رفیق بنام واپڈا وغیرہ اخبار اشتہار بنام چیئرمین واپڈا لاہور، ایکسین واپڈا لیسکو ڈویژن پھولنگر، آر او لیسکو ڈویژن پھولنگر، ایس ڈی او واپڈا سب ڈویژن جمبر کلاں تحصیل پتوکی ضلع قصور ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ 12.2.2025 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جواب دہی کرے بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدست ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب اقراء فاروق صاحبہ
جج فیملی کورٹ پتوکی ضلع قصور

دعوی تنسیخ نکاح وغیر عنوان نصرت امین وغیرہ بنام محمد آصف وغیرہ اخبار اشتہار بنام محمد آصف ولد محمد اسلم، محمد اسلم ولد نامعلوم اقوام بھٹی ساکنان مخدوم آباد مسلم گرائمر سکول چونگی امر سدھو لاہور 03234828340 ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ 14.2.2025 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جواب دہی کرے بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدست ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب AC1 اوکاڑہ

وراثتی انتقال۔ بابر (کنوارہ لاولد) ولد لال قوم بلوچ لشاری سکنہ 27/GD تحصیل وضلع اوکاڑہ قضائے الٰہی سے انتقال فرما گئے ہیں جن کی وراثت کیلئے رجوع کیا گیا ہے، جن کا وراثت انتقال نمبر درج رجسٹر ہو چکا ہے۔ بحق وارثان لال والد متوفی، زہراں، محمد یاسین، محمد یار، انور بی بی، صاحب بی بی برادران وہمشیران متوفی کے نام درج کیے گئے ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی اور وارث ہو تو اخبار اشتہار کی اشاعت کے بعد اندر سات یوم عدالت ھذا سے رجوع کرے۔ اس کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب مس عاصمہ سعید صاحبہ
جج فیملی کورٹ گجرات

دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع‘ عنوان سحرش فاطمہ بنام شعیب عرفان‘ اشتہار بنام شعیب عرفان ولد محمد عرفان سکنہ شیر شاہی شہر جلالپور جٹاں گجرات‘ ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقے سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مقررہ تاریخ مورخہ 20-02-2025 کو بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت ھذا میں پیش ہوکر مقدمہ کی پیروی اور جوابدہی کرے بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ دستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب فرزانہ وسیم صاحبہ
سول جج فیملی کورٹ عارف والا

دعویٰ: تنسیخ نکاح، بعنوان: نور صادق بنام محمد آفتاب‘ اشتہار بنام: محمد آفتاب ولد محمد اشرف ذات بھٹی ساکن چک نمبر 1/EB تحصیل عارف والا ضلع پاکپتن۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 03-02-2025 کو بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

سود: اللہ تعالیٰ اور رسول اکرم ﷺ سے اعلانِ جنگ

ارشادِ ربانی:۔ ☆مگر جو لوگ سود کھاتے ہیں ان کا حال اس شخص کا سا ہوتا ہے جسے شیطان نے چھو کر دیوانہ کر دیا ہو (البقرۃ:275)

☆اے لوگو! جو ایمان لائے ہو، اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور جو کچھ تمہارا سود میں سے باقی رہ گیا ہے، اسے چھوڑ دو، اگر واقعی تم ایمان لائے ہو۔ لیکن اگر تم نے ایسا نہ کیا تو آگاہ ہو جاؤ کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے تمہارے خلاف اعلانِ جنگ ہے۔ اب بھی توبہ کرلو (اور سود چھوڑ دو) تو اپنا اصل سرمایہ لینے کے تم حقدار ہو۔ نہ تم ظلم کرو نہ تم پر ظلم کیا جائے۔ (البقرۃ:79-278)

فرمانِ نبوی ﷺ

☆سود مال کو گھٹاتا ہے اور صدقہ مال کو بڑھاتا ہے۔ (ابن ماجہ)

☆سات ہلاک کرنیوالی باتوں سے دُور رہو، ان میں سے ایک سود ہے۔ (بخاری)

☆رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے سود لینے والے پر، سود دینے والے پر، اس کے گواہ پر اور اس کے لکھنے والے پر۔ (ابوداؤد)

☆نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو بھی سود (کا لین دین) زیادہ کرتا ہے اس کا انجام مال کی کمی کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ (ابن ماجہ)

سُود

آئیے سود کیخلاف مہم میں ہمارا ساتھ دیں

منجانب: تحریک انسداد سود

insdadesood@gmail.com

بقیہ 1

بٹ اور محمد جعفر خالد شریک ہوئے۔ ٹڈیپ کے نمائندے نے بھی ترکیہ کی نمائش کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اجلاس میں ترکیہ میں منعقد ہونے والی عالمی نمائش میں شرکت کرنے والے مینوفیکچررز اور برآمد کنندگان نے رپورٹ پیش کی جبکہ اس دوران آئندہ سال بھرپور شرکت کے حوالے سے مختلف تجاویز بھی زیر غور آئیں۔ وائس چیئرمین ریاض احمد نے کہا کہ ٹڈیپ کی جانب سے ترکیہ میں منعقدہ عالمی نمائش میں جس طرح معاونت دی گئی ہے اس سے بہترین نتائج ملے ہیں ، اس دوران مقامی سطح پر کچھ مشکلات کا بھی سامنا کرنا پڑا تاہم امید ہے آئندہ برس انہیں دور کرلیا جائے گا۔

بقیہ 2

کو حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے، انسداد پولیو کی خصوصی مہم کو سو فیصد کامیاب بنانے کے لئے تمام تر انتظامات مکمل ہیں، والدین اپنے چھوٹے بچوں کو حفاظتی قطرے لازمی پلائیں، ہماری اجتماعی کوشش سے ہی اس موذی مرض سے چھٹکارا ممکن ہے۔

بقیہ 3

اگر پاکستان نے عالمی مارکیٹ میں اپنا حصہ وصول کرنا ہے تو اسے بھی بلا تاخیر حکمت عملی مرتب کرنا ہو گی۔ ان خیالات کا اظہار انٹر پینیور اور پاکستان میں آرگنینک مصنوعات پر ریسرچ اور تیاری کرنے والے ادارے چلتن پیورو پاکستان کے چیئرمین نجم الدین مزاری نے مختلف یونیورسٹیز کے طلبہ کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سوالات و جوابات کا سیشن بھی ہوا۔

بقیہ 4

نفیس امتحانی فیس کی 9 لاکھ روپے سے زائد رقم لے کر فرار ہوا تھا، جس کے بعد پولیس نے ان کی گرفتاری کے لیے گھر پر چھاپا مارا۔ ایس آئی یو رضویہ پولیس کے مطابق ملزم نے گرفتاری کے خوف سے زہریلی دوا پی لی، جس پر ملزم نفیس کو فوری طور پر طبی امداد کیلئے عباسی شہید ہسپتال منتقل کر دیا گیا، جہاں ملزم کے معدے کو صاف کر دیا گیا اور اب حالت خطرے سے باہر بتائی جاتی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ہسپتال سے ڈسچارج کے بعد ملزم سے رقم کی برآمدگی کیلئے تفتیش کی جائے گی۔

بقیہ 5

متعلقہ تحصیلوں میں رجسٹریشن مراکز کا دورہ کریں اور عملے کی کارکردگی کا جائزہ لیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عوامی سہولت کے پیش نظر PSER رجسٹریشن کا عمل روزانہ کی بنیاد پر جاری رہے گا۔

بقیہ 6

کر سکتی ہیں۔ خواتین پر گھریلو تشدد، ہراسانی، بدسلوکی کے واقعات کی روک تھام کیلئے پنجاب پولیس تمام ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ خواتین کے حقوق کے تحفظ، تشدد ,ہراسگی کی روک تھام کیلئے ورچوئل ویمن پولیس سٹیشن قائم کیا گیا۔

بقیہ 7

سکول کی طالبات کی طرف سے علم کی اہمیت کے بارے پیش کئے گئے ٹیبلو کو دیکھا اور شاندار پرفامنس پر طالبات کو دل کھول کر داد دی، اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے شازیہ بانو نے کہا کہ اس طرح کے فیسٹول بچوں کی ذہنی اور جسمانی نشوونما اور بہتر نتائج کے حصول کیلئے بہت ضروری ہیں اور اس طرح کے فیسٹول تمام تعلیمی اداروں میں ہونے چاہئے، انہوں نے فیسٹول کیلئے بہترین انتظامات کرنے پر منتظمین کی کاوشوں کو سراہا، پہلے روز خواتین اور بچوں کی ایک بڑی تعداد نے فیسٹول میں لگائے گئے مختلف سٹالز کو دیکھا اور خوب لطف اندوز ہوئے۔

بقیہ 8

سپرے سات دن کے وقفے سے دوبارہ کریں۔ بارانی علاقوں کے کاشتکار فصل کا باقاعدگی سے معائنہ کریں۔ کنگی کے حملہ کی صورت میں صرف متاثرہ حصے پر محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے مناسب پھپھوندی کش زرعی زہر کا سپرے کریں۔

بقیہ 9

مافیا کی من مانیاں ختم کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن محمد شاہ قبرستان میں شہریوں کی شکایات پر کیا گیا، قبروں کی مقررہ قیمت سے زائد رقم ہتھیانے والے گورکن مافیا کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ آپریشن اسسٹنٹ کمشنر نیو کراچی ارسلان طارق کی زیرنگرانی ہوا، اس موقع پر ڈائریکٹر قبرستان سرور عالم بھی موجود تھے۔ پولیس نے گرفتار دونوں ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے۔

بقیہ 10

کشمیر میں مسلمانوں کے ساتھ امتیازی سلوک اور روزگار کے مواقع کا خاتمہ ایک شرمناک عمل ہے۔ یہ عمل نہ صرف کشمیر کے عوام کے حقوق کی پامالی ہے بلکہ عالمی سطح پر بھارت کی جابرانہ اور مسلم دشمن پالیسیوں کو اجاگر کرتا ہے۔

بقیہ 11

رکھنے والے عمائدین اور عوام نے بھی وفود کی صورت میں ملاقاتیں کیں جس میں علاقے کے دیرینہ مسائل کے حل کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفود نے ہمایوں اختر خان کی جانب سے حلقے کی عوام سے بلا تعطل رابطوں اور ان کی غمی خوشی میں شریک ہونے پر اظہار تشکر کیا۔ ہمایوں اختر خان نے کہا کہ اس حلقے کے لوگ میرے اپنے ہیں اور ہم نے تعلق نبھا کر دکھایا ہے ، حلقے میں تاندلیانوالہ، ماموں کانجن اور کنجوانی میں تین دفاتر قائم کئے ہیں اور ان کے دروازے عوام کیلئے چوبیس گھنٹے کھلے ہیں، ہم سیاست کسی غرض کے بغیر صرف خدمت کی نیت سے کر رہے ہیں اور اپنی استعداد سے بڑھ کر حلقے کے مسائل کے حل کیلئے کاوشیں جاری رکھے ہوئے ہیں۔

بقیہ 12

اعداد و شمار جاری کر دیئے۔ ترجمان نے بتایا کہ گزشتہ ماہ شہر میں کچرا کنڈیوں اور سڑکوں سے 6 نومولود لاشیں ملی ہیں، 4 جنوری کو بلدیہ، 19 جنوری کو لیاری میں کچرا کنڈی سے نومولود کی لاشیں ملیں۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ 20 جنوری کو اختر کالونی میں کچرا کنڈی سے اور 30 جنوری کو محمود آباد میں سڑک سے نومولود کی لاش ملی تھی۔ ایدھی فاؤنڈیشن نے کہا کہ اس کے علاوہ 31 جنوری کو گلستان جوہر اور گلشن اقبال کی کچرا کنڈیوں سے نومولود کی لاشیں ملیں۔

بقیہ 13

دباؤ میں لانے کے لئے ان کی فیملی پر بھی جبر کے پہاڑ توڑے گئے لیکن ایسا کرنے والے پہلے بھی ناکام اور نامراد رہے اور انہیں آئندہ بھی اس سے مختلف نتائج نہیں ملیں گے۔ جیل میں قید عمران خان آج بھی دہائیوں سے حکومتیں کرنے والی مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کی سیاست کے لئے حقیقی خطرہ ہیں اسلئے ان کی راتوں کی نیندیں اڑی ہوئی ہیں۔

بقیہ 14

حصول کے لیے متحد ہیں اور اپنے حقوق پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار پنجاب ٹیچرز یونین پنجاب کے مرکزی نائب صدر محمد اصغر کاہلوں نے پنجاب ٹیچرز یونین ضلع سیالکوٹ کے ضلعی عہدیداران سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ 15

زاہد صدیق، چوہدری ساجد ویرووال، حبیب فرانس، زاہد مصطفیٰ اعوان فرانس، ملک مستنصر حسین سنی ملکہ، ملک احتشام اعوان ملکہ، ملک مظہر اعوان (اعوان ماربل)، ملک امجد اعوان بھگوال، ملک زاہد پنڈی ہاشم۔ سمیت سینکڑوں افراد شامل تھے، جنہوں نے مرحومہ کے درجات کی بلندی اور اہل خانہ کے صبر کے لیے دعا کی۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے۔ آمین!

بقیہ 16

ان دنوں لاہور اور اسلام آباد سمیت چاروں صوبوں میں میڈیا ورکرز اپنے حقوق کیلئے سراپا احتجاج ہیں۔ آزادی صحافت پر شب خون سے آمریت کی یاد تازہ ہوگئی، آمرانہ ماحول سے پیدا ہونیوالی گھٹن معاشرت اور معیشت کیلئے زہر قاتل ہے۔ اپنے ایک بیان میں میاں شہزاد حسن وٹو ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ پارلیمنٹ قوانین بنا سکتی ہے لیکن کوئی ایسا قانون جو اپنے بدترین تضادات کے بل پر معاشرے میں تنازعات پیدا کرنے کا سبب بنے اس کالے قانون پر کالے کوٹ والے بھی خاموش نہیں رہ سکتے۔ آئین نے شہریوں کو آزادی اظہار کا حق دیا ہے جو سلب نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ اگر ماضی کے فوجی آمر پرویز مشرف اپنے طرز حکومت پر جارحانہ تنقید برداشت اور میڈیا کے میدان میں متعدد ٹی وی مالکان کو لائسنس ایشو کرتے ہوئے انقلاب برپا کر سکتے ہیں تو موجودہ حکمران تو جمہوری اور منتخب ہونے کے دعویدار ہیں تو پھر انہیں تنقید کیوں ڈر لگتا ہے۔ حکمرانوں کی سمت اور ترجیحات درست کرنے کیلئے ان پر عوامی دباؤ ڈالنا اور ان کے متنازعہ اقدامات کو تنقید کا نشانہ بنانا ہر باشعور شہری کا بنیادی انسانی اور آئینی حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ متنازعہ حکومت نے ملک بھر کے میڈیا ورکرز کو ہراساں یا کنٹرول کرنے کیلئے انتہائی عجلت میں جو پیکا ایکٹ بنایا ہے اسے فوری واپس لے ورنہ اس کیخلاف احتجاجی مظاہروں کا دائرہ مزید بڑھ سکتا ہے۔

بقیہ 17

نہیں رکھتی۔ مہلک بیماریوں کو شکست دینے کیلئے شعبہ صحت میں انقلاب برپا کرنا اور طبی مراکز کے نظام کو سہل بنانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ قومی وسائل میں سے مستحق بیماروں اور ناداروں کو ان کا شیئر دیا جائے۔ شعبہ صحت میں چھپی کالی بھیڑوں اور آدم خور بھیڑیوں میں کوئی فرق نہیں رہا، زندہ انسانوں کا خون چوسنا بدترین درندگی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صلہ رحمی کے تحت مستحق بیمار انسانوں کی خدمت اور ان کی محرومیوں کا مداوا کرنا اللہ ربّ العزت کے قرب کا سبب بنتا ہے۔ معاشرے کی ثروتمند شخصیات اپنے وسائل میں سے خاطر خواہ رقوم مستحقین کی صحت پر صرف کریں کیونکہ جان ہے تو جہان ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک صحتمند کفیل محنت مشقت کر کے اپنے خاندان کے چار سے چھ افراد کی کفالت کر سکتے ہیں لیکن اگر ان میں سے کوئی بیمار پڑ جائے تو وہ اپنے خاندان کیلئے بوجھ بن جاتا ہے۔ جو اپنے پیاروں کیلئے آسانیاں تلاش کر رہے ہیں وہ اپنے آس پاس ناداروں اور بیماروں کی زندگی میں آسانیاں پیدا کریں۔ انہوں نے کہا کہ ان فلاحی طبی اداروں کا دم غنیمت ہے جہاں شفاء کیلئے آنیوالے شہریوں میں سے کوئی مایوس نہیں ہوتا۔

بقیہ 18

کہ جنوری کے اوائل سے، ماہرین فلکیات دنیا بھر میں دوربینوں کا استعمال کرتے ہوئے اور نئے ڈیٹا کا استعمال کرتے ہوئے سیارچے کے سائز اور رفتار کے بارے میں ہماری سمجھ کو بہتر بنانے کے لیے اس کا مسلسل مشاہدہ کر رہے ہیں۔ موجودہ تخمینوں کی بنیاد پر 1.3 فیصد امکان ہے کہ 328 فٹ چوڑا سیارچہ 22 دسمبر 2032 کو زمین سے ٹکرائے گا۔ اس سائز کا سیارچہ اوسطاً ہر چند ہزار سال بعد زمین پر اثر انداز ہوتا ہے اور کسی مقامی علاقے کو شدید نقصان پہنچا سکتا ہے۔

بقیہ 19

کی بنیاد پر ہونے والی سہ فریقی سیریز 8 سے 14 فروری تک لاہور اور کراچی میں کھیلی جائے گی۔ پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان سہ فریقی ون ڈے سیریز کا پہلا میچ 8 فروری کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلا جائے گا جس میں آئی سی سی ایلیٹ پینل کے رکن انگلینڈ کے مائیکل گف اور آئی سی سی انٹرنیشنل پینل امپائر پاکستان کے فیصل خان آفریدی آن فیلڈ امپائرز ہوں گے۔

بقیہ 20

صدر بار افتخار جٹیانہ ایڈووکیٹ نے ایک رٹ پٹیشن داخل کی تھی جس میں ڈپٹی کمشنر جھنگ کو فریق بنایا گیا تھا جس کے مطابق افتخار جٹیانہ نے ہائی کورٹ کو بتایا کہ ان کے خاندان کے بزرگوں نے کئی دہائیوں پہلے قبرستان کے لیے یوسف شاہ روڈ پر اربوں روپے کی زمین عطیہ کی تھی جس میں اج بھی بہت ساری قبریں موجود ہیں لیکن اب اس قبرستان پر ایک دربار دو سرکاری سکول ایک مدرسہ پولیس پٹرول پمپ ٹریفک پولیس کے دفتر سمیت کئی تجاوزات قائم کی گئی ہیں کئی لوگوں نے یہاں پر رہائشی بنائی ہوئی ہیں اور جعلی رجسٹریاں اور انتقال کے ذریعے اپنے نام جگہ کروالی ہے جس پر جسٹس محمد اقبال نے مورخہ 16 ایک 25 اڈر نمبر ایچ سی جی ڈی سی ڈیش 121 کے ذریعے ڈپٹی کمشنر جھنگ کو فوری اڈر کیا ہے کہ جٹیانہ قبرستان کی 33 کنال 16 مرلے جگہ وار گزار کرا کر قبرستان کے لیے رکھی جائے ذرائع کے مطابق اس قبرستان کی جگہ پر کئی لوگوں کا قبضہ ہے اب دیکھنا یہ ہے کہ ڈپٹی کمشنر اور افتخار جٹیانہ ایڈووکیٹ اپنے ابائی بزرگوں کی دی ہوئی جگہ جو انہوں نے مردے دفنانے کے لیے دی تھی زندہ انسانوں سے کیسے چھڑواتے ہیں اس سے پہلے بھی کئی بار جٹیانہ قبرستان کی جگہ وار گزار کرانے کی کاروائی ہو چکی ہے لیکن ہر بار کوئی نہ کوئی سفارش اڑے اجاتی ہے یاد رہے کہ اس پر بنائی گئی ضلع کونسل کی دکانیں بھی قبرستان کی ہی جگہ ہے جس سے ماہانہ لاکھوں روپے ضلع کونسل کماتی ہے اس کے علاوہ بھی قبرستان سلطان شاہ لولے شاہ کالج چوک کئی قبرستانوں پر تجاوزات بنی ہوئی ہیں عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر جھنگ اور وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف سے مطالبہ کیا ہے کہ جس طرح وہ دیگر تجاوزات ختم کر رہے ہیں قبرستانوں میں بھی فوری تجاوزات ختم کی جائیں۔

بقیہ 21

حکام کے مطابق مرنے والوں میں ایک کی شناخت اللہ دتہ کے نام سے ہوئی جبکہ دو کی شناخت کا عمل جاری ہے جبکہ دو زخمی ہسپتال منتقل کرتے ہوئے جان کی بازی ہار گئے اس طرح کار حادثہ میں ٹوٹل پانچ افراد جان کی بازی ہار گئے باقی دو زخمی افراد کو فرسٹ ایڈ دینے کے بعد ٹراما سنٹر منتقل کر دیا گیا شہریوں کی کثیر تعداد نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے آئے روز حادثات کا سبب بننے والے اس چوک کو ختم کرنے کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 22

دی، مجرم محمد وسیم کو 2 مرتبہ عمر قید اور 6 لاکھ روپے ہرجانے کی سزا سنائی گئی، مجرم نے گھریلو رنجش پر پٹرول چھڑک کر والدین کو آگ لگا دی تھی، واقعہ کا مقدمہ سال 2022 تھانہ دھمیال میں درج کیا گیا تھا، ٹھوس شواہد اور موثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالت نے مجرم کو قرار واقعی سزا سنائی۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے ایس ایس پی انویسٹی گیشن اور تفتیشی و لیگل ٹیموں کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ قتل جیسے سنگین مقدمات میں مجرمان کو سزائیں ملنا حق اور انصاف کی فتح ہے۔

بقیہ 23

موڈے کی ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 5 وکٹوں کے نقصان پر 180 رنز کا ہدف دیا جسے نیٹ سول کی ٹیم نے 4 وکٹوں کے نقصان پر باآسانی حاصل کرلیا۔ فاتح ٹیم کے عدنان بٹ مین آف دی میچ قرار پائے۔

بقیہ 24

بھی ناقابل برداشت ہیں جس کی وجہ سے پیداواری لاگت زیادہ ہونے سے مہنگائی کم ہونے کے اثرات اس طرح عوام کو منتقل نہیں ہوئے جو ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ کم افراط زر کی شرح کی بدولت پالیسی ریٹ میں کمی آئی ہے اور امید ہے کہ آئندہ مہینوں میں افراط زر میں مزید کمی ہوگی۔ معیشت کی بحالی کے حوالے سے وزیراعظم شہباز شریف اور ان کی معاشی ٹیم کی کوششیں لائق تحسین ہیں۔

بقیہ 25

ماڈل آج کے کثیر المذاہب معاشروں کے لیے ایک مثالی رہنمائی فراہم کر سکتا ہے۔ انہوں نے مزید وضاحت کی کہ میثاقِ مدینہ ایک ایسے معاشرتی ماڈل کی بنیاد ہے جہاں رواداری، احترام اور امن بنیادی اقدار تھے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ میثاقِ مدینہ کا ماڈل آج کے دور میں بھی کثیر الثقافتی اور کثیر المذہبی معاشروں کے قیام کے لیے مشعلِ راہ بن سکتا ہے۔ اپنے خطاب کے اختتام پر انہوں نے ایک'' گلوبل گارڈن آف پیس'' کا خواب بھی پیش کیا، جہاں تمام انسان محبت، اتحاد اور رواداری کے اصولوں پر قائم رہیں۔ یہ کانفرنس عالمی امن کے قیام کے لیے ایک اہم سنگِ میل ثابت ہوگی۔

بقیہ 26

نواز شریف نے اپنے حالیہ تعمیراتی اور انقلابی منصوبوں کے سلسلہ میں ہوم ورک انتخابی مہم شروع ہونے سے قبل مکمل کر لیا تھا۔ اپنے ایک بیان میں ڈاکٹر شوکت بابر ورک نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا ہر عوامی اور فلاحی منصوبہ ریکارڈ مدت میں پایہ تکمیل تک پہنچتا ہے، وہ جدت اور مدت دونوں کا بہت خیال رکھتی ہیں۔ الیکٹرک بس سروس شروع ہونے سے جہاں توانائی کے استعمال میں خاطر خواہ بچت ہوگی وہاں فضائی آلودگی میں بھی نمایاں کمی آئے گی۔ پنجاب کی ماحول دوست اور عوام دوست حکومت کی ترجیحات اور تعمیرات کے ثمرات سے کوئی محروم نہیں رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ الیکٹرک بس سروس میں معذور اور ضعیف شہریوں کیلئے خصوصی انتظامات خوش آئند ہیں۔ ہمارا دین فطرت اسلام انسانیت سے محبت کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب کوئی شرپسند دوران سفر قوم کی بیٹیوں کو ہراساں کرنے کی جسارت نہیں کریگا کیونکہ الیکٹرک بس سروس میں سی سی ٹی وی کا نظام بھی فعال ہوگا اور اب کسی قسم کی مجرمانہ سرگرمیاں کیمروں کی آنکھ سے پوشیدہ نہیں رہیں گی۔

بقیہ 27

بدنامی کا باعث ہیں۔ مجھے جو ذمہ داری سونپی گئی ہے اس پر پورا اترنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھوں گا، ہم نے اپنے اتحاد سے وکلاء کے مسائل کو حل کرانا ہے اور ان کی فلاح و بہبود کے منصوبے شروع اور مکمل کرنے ہیں۔ چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی فاروق ڈوگر ،پنجاب بار کی قیادت اور ممبران کی معاونت اور مشاورت سے آگے بڑھیں گے۔

بقیہ 28

لیے یہ ٹیم شبانہ روز محنت کرتے ہوئے شہر، دیہات، اور پہاڑوں سمیت دور دراز علاقوں میں پہنچ کر بہت بڑی قومی ذمہ داری نبھائیں گے اور پولیو کے خاتمے کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ، بدقسمتی سے پچھلے سال پولیو کے 77 کیسز سامنے آئے، یہ کیسز ایک بڑا چیلنج تھا، رواں سال جنوری میں ایک کیس سامنے آیا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ پولیو ورکرز دور دراز علاقوں میں بچوں کو قطرے پلا کر قومی ذمہ داری ادا کریں گے، ہم نے پاکستان سے پولیو کا مکمل خاتمہ کرنا ہے، پولیو کے خاتمے کے لیے ہمسایہ ملک افغانستان کے ساتھ رابطے میں ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ امید ہے باہمی تعاون اور سپورٹ کے ذریعے افغانستان سے بھی پولیو کا خاتمہ ہوگا، انسداد پولیو کے لیے تعاون پر ڈبلیو ایچ او اور یونیسف سمیت تمام اداروں کے مشکور ہیں۔ وزیراعظم نے مزید کہا مشترکہ کوششوں کی بدولت ہی پولیو کا خاتمہ ممکن ہے، انسداد پولیو کے لیے بل گیٹس فاؤنڈیشن اور سعودی عرب کی حمایت پر شکر گزار ہیں، مربوط حکمت عملی اور مشترکہ کوششوں سے ہم پاکستان سے پولیو کا خاتمہ کرسکیں گے۔

بقیہ 29

پنجاب سوشو اکنامک سروے صوبے کی عوام کی ترقی اور خوشحالی کا عظیم منصوبہ ہے، جس کا مقصد پنجاب کے مستحق افراد کی حکومت کی جانب سے معاونت اور شراکت داری ہے، کسان کارڈ ہو یا اپنا چھت اپنا گھر یا رمضان پیکیج ہر سہولت کے حقدار تک فراہمی کیلئے ایک مستند ڈیٹا بیس کی ضرورت تھی جو پی ایس آئی آر کی صورت میں موجود ہیں اس کی ذمہ داری بلدیات کے محکموں کو سونپی گئی ہے اور صوبہ بھی 4 ہزار سے زائد یونین کونسل اور ٹاؤن کمیٹیوں میں قائم رجسٹریشن سنٹر 15 فروری تک رات گئے تک کام کریں گے جہاں پر شہری اپنے شناختی کارڈ، ب فارم کے ساتھ جا کر رجسٹرڈ کروا سکتے ہیں اور رمضان پیکیج سمیت حکومت کی جانب سے تمام مراعات حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے اپنے حلقہ انتخاب کی ٹاؤن کمیٹی جاگے میں پی ایس ایس آر سنٹر کے افتتاح کر کے کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ عمر امجد بیگ، نمبر دار ملک امجد اعوان نمبردار سمیت معززین علاقہ بھی تقریب میں شریک تھے۔ صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق نے کہا کہ پنجاب کے نئے بلدیاتی نظام میں ٹاؤن کمیٹی جاگے کو میونسپل کمیٹی کا فرجہ دیا جائے گا کیونکہ جاگے چیمہ ایک چھوٹا سا شہر بن چکا ہے اور یہاں کے باسیوں کا یہ حق ہے کہ ان کو شہر والی سہولیات فراہم کی جائیں۔

بقیہ 30

کلاس شیخوپورہ آصف علی نے ایک زرعی رقبہ کے اولڈ کیس میں بطور گواہ طلبی عملدرآمد نہ ہونے پر سابق ریونیو آفیسر، حال تعینات اسسٹنٹ ڈائریکٹر اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ ،فرید کوٹ لاہور کے طور پر کام کر رہے ہیں شیخ محمد احمد کے وارنٹ گرفتاری جاری کرتے ہوئے انہیں گرفتار کر کے عدالت میں پیش کرنے کا حکم صادر کیا اور اس سلسلہ میں انہوں نے ڈسٹرکٹ سول ناظر کو حکم دیا ہے کہ وہ مذکورہ آفیسر کی عدالت میں حاضری کو یقینی بنانے کیلئے قانونی اقدامات اٹھائیں۔ جس پر کاروائی کرتے ہوئے بیلف ارشاد احمد نے طلب کیئے گئے گواہ شیخ محمد احمد سابق ریونیو آفیسر، حال تعینات اسسٹنٹ ڈائریکٹر اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ ،فرید کوٹ لاہور کو ہتھکڑی لگا کر گرفتار کر کے روبرو عدالت پیش کر دیا، جس پر بیلف نے مذکورہ آفیسر کے رویہ بارے عدالت کو بتایا کہ مذکورہ آفیسر کو عدالتی حکم پر گرفتار کیا گیا ہے لیکن وہ ہمیں سنگین نتائج کی دھمکیاں دیتا رہا ہے جس پر فاضل عدالت نے کاروائی کرتے ہوئے مذکورہ آفیسر کو بخشی خانے حوالات بند کرنے کا حکم صادر فرمایا، اس موقع پر گواہ نے کہا کہ وہ عدالت سے معافی مانگتا ہے خود کو عدالت کے رحم و کرم پر چھوڑتا ہے اس موقع پر عدالت نے تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے مذکورہ آفیسر کیخلاف کوئی قانونی کاروائی نہ کی، اور فاضل عدالت نے اپنے تحریری فیصلے میں لکھا ہے کہ عدالت کے ساتھ گواہ کا برتاؤ ناپسندیدہ تھا فاضل عدالت نے اسے تنبیہ کی کہ وہ سرکاری ملازم ہونے کے ناطے محتاط رہے بصورت دیگر اسے قانونی کاروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

بقیہ 31

پلائے، ڈی ایچ او ز ڈاکٹر وسیم مرزا، ڈی ایس سی ڈاکٹر شہزاد اقبال، ڈاکٹر احمد ناصر چودھری، ڈاکٹر سلمان اکبر اور میڈیکل آفیسر ڈاکٹر سدرہ گیلانی بھی موجود تھی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ 3 فروری سے ضلع سیالکوٹ سے امسال کی پہلی پانچ روزہ قومی انسداد پولیو مہم کا آغاز کیا جائے گا، مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر 7 لاکھ 95 ہزار 877 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے۔ قومی انسداد پولیو مہم میں مجموعی طور پر 6 ہزار 288 پولیو ورکرز حصہ لیں گے جن کو کل 2879 ٹیموں میں تقسیم کیا گیا ہے، 2 ہزار 276 موبائل ٹیمیں گھر گھر جا کر، تعلیمی اداروں، جونپڑ بستیوں، بھٹوں اور کچی آبادیوں میں، 133 فکسڈ/ رومنگ ٹیمیں بنیادی و دیہی مراکز صحت اور ہسپتالوں میں جبکہ 69 ٹرانزٹ ٹیمیں مسافر بچوں کو بس اسٹینڈ/ اسٹاپس، اہم اور مصروف چوکوں اور ریلوے اسٹیشن پر بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کا قومی فریضہ انجام دیں گے۔ پولیو سے ضلع سیالکوٹ کو محفوظ بنانے کیلئے محکمہ صحت سمیت تمام اداروں کو جو رول اسائن کئے گئے ہیں وہ قومی ذمہ داری سمجھ کر ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ رومنگ اور ٹرانزٹ ٹیموں کے ساتھ پولیس سیکیورٹی ہمہ وقت موجود رہے گی۔

بقیہ 32

جرنلسٹس فیڈریشن کے صدر محمد اقبال ہارپر، سیکرٹری جنرل محمد بابر، سیکرٹری اطلاعات محمد قیصر چوہان، فنانس سیکرٹری عبدالقیوم، ایگزیکٹو ممبر عمران شیخ اور تمام ممبران نے اپنے مشترکہ بیان میں پنجاب یونین آف جرنلسٹس کے نومنتخب عہدیداران صدر نعیم حنیف، سینئر نائب صدر یوسف عباسی، نائب صدر ندیم زعیم، جنرل سیکرٹری قمرالزمان بھٹی، جوائنٹ سیکرٹریز سید فاطر شاہ، مدرحسین تتلہ، فنانس سیکرٹری کاشف سلیمان، ممبر ایگزیکٹو کونسل جاوید فاروقی، گوہر بٹ، ظہیر شہزاد، اعجاز مقبول، خواجہ احسان، طلال اشتیاق، شاہد رضوی، عدنان بٹ، ڈاکٹر عمر حفیظ، نائلہ ندیم، حسنین اخلاق، مسعود ظفر، جمال احمد، افضل ایوبی، شیر علی خلطی کو بلا مقابلہ منتخب ہونے پر دلی مبارکباد دی ہے۔ اور اس امید کا اظہار کیا ہے کہ پی یو جے کی نومنتخب باڈی کمیونٹی کو درپیش مسائل کے حل کیلئے بھرپور کردار ادا کرے گی۔

بقیہ 33

نے مخصوص عناصر کی جانب سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کیخلاف توہین بیانات کے تناظر میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ تمام مسلمانوں کو اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی مبارک زندگیوں اور ان کی سیرت مبارکہ سے روشنی حاصل کرتے ہوئے اپنی زندگیوں کو سنوارنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ ان مبارک ہستیوں نے اپنے عہد میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سچے عاشق صادق کی زندگی بسر کی اور کفار کے مقابلے میں ہمیشہ سینہ سپر رہے۔ وطن عزیز میں اہل بیت اطہار علیہم السلام اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ذوات مقدسہ کی حفاظت کیلئے موجود قوانین پر حقیقی معنوں میں عملدرآمد کرانے کی ضرورت ہے۔ ان مقدس ہستیوں کی توہین سے تمام مسلمانوں کے دل چیرہ چیرہ ہوتے ہیں، زخمی ہوتے ہیں، کوئی بھی مسلمان حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہل خانہ اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تمام ساتھیوں کے حوالے سے اپنے دل میں کینہ و بغض نہیں رکھ سکتا۔ یہ مقدس ہستیاں اسلام اور مسلمانوں کی محسن ہیں، اسلام کی سربلندی کیلئے ان کی قربانیاں قیامت تک یاد رکھی جائیں گی۔ پیر سید منور حسین شاہ جماعتی نے مزید کہا کہ ملک دشمن قوتیں پاکستان میں سیاسی عدم استحکام پیدا کرنا چاہتی ہیں جس کیلئے ہمیں بحیثیت قوم متحد ہونا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ تمام انبیاء کرام علیہم السلام پر ایمان اور ان کی تعظیم دین اسلام کا لازمی جزو ہے، اسی طرح خلفائے راشدین اور اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان اور احترام مسلمان پر واجب ہے، اہل بیت اطہار اور اصحاب رسول رضی اللہ عنہم کی بے ادبی اور ان کے متعلق بدگمانی اور بہتان بازی سے جہنم تو کمائی جا سکتی ہے جنت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ مذہبی آزادی کی آڑ میں قرآن کریم سمیت مقدس ہستیوں کی توہین برداشت نہیں کی جا سکتی، حکومت اور قومی سلامتی کے اداروں کو ایسے شرپسند عناصر کیخلاف سخت ایکشن لینا چاہئے کیونکہ ایسی شرپسندانہ حرکات سے انارکی پھیلنے اور امن و امان کی صورتحال خراب ہونے کا سنگین خدشہ ہے۔

بقیہ 34

میں عامر احمد فری آئی کلینک کا آغاز کر دیا گیا ہے، جس میں گزشتہ ایک ہفتے کے دوران دو سو کے قریب مریضوں کا معائنہ اور ادویات مفت فراہم کی گئی ہیں۔ اس افتتاحی تقریب کے موقع پر معروف سماجی شخصیت جھنگ کے ایدھی پرویز جٹ دار وغے والا نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم انسانیت کی خدمت کیلئے ماضی کی طرح سرگرم ہیں۔ الحمد اللہ پہلے سے حمیدہ بی بی فری میڈیکل ڈسپنسری اور فری ایمبولینس چوبیس گھنٹے سروس فراہم کر رہی ہے۔ اور اب ہمیں یہ ایک نئی کامیابی ملی ہے کہ ہم نے جھنگ کی تاریخ میں پہلی مرتبہ فری عامر احمد آئی کلینک کا آغاز کر دیا ہے۔ جس میں افتتاح کے فوراً بعد ہی دو سو سے زائد مریضوں نے استفادہ حاصل کیا ہے۔ جبکہ پانچ مختلف امراض میں مبتلا مریضوں کی آنکھوں کا آپریشن بھی کیا گیا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ہم اپنے تمام معاونین کے مشکور ہیں جنہوں نے ہمارے عزم پر مکمل اعتماد کرتے ہوئے، ہمیں سرخرو ہونے میں مدد دی۔ یہ فری آئی کلینک ہفتے میں ایک مرتبہ منگل کے روز مریضوں کو مفت سہولیات فراہم کرتا رہے گا۔

بقیہ 35

سینٹ کی تنخواہوں میں تین تین لاکھ اضافہ کسی صورت منظور نہیں جماعت اسلامی اس بل کی پالیسیوں سے کسان اور تاجر مایوسی کا شکار ہیں کسانوں کو اپنی لاگت سے بھی کم ریٹ پر فصلوں کی قیمت مل رہی ہے بجلی گیس کے بلوں نے غریب عوام کا جینا مشکل کر دیا ہے غریب کے بچے تعلیم حاصل نہیں کر سکتے حکمرانوں کو عوام دوست پالیسیاں بنا کر ملک سے غربت بے روزگاری کا خاتمہ کرنا چاہتے ہیں جماعت اسلامی عوام کے حقوق کے لیے ہر فورم پر آواز اُٹھاتی رہے گی۔

بقیہ 36

نحوست کا سایہ تھا، یہ سایہ پنکی گوگی اور کپتان کا تھا لوٹ کے کھا گئے پاکستان، دنیا کے ممالک میں ہیڈ لائنز لگی، یہ کہتے ہیں دفاع ہم نہیں کریں گے، ہمیں نا نعوذ باللہ سیرت پر چل رہے ہیں، خدا کا واسطہ ہے سیرت کا نام نہ لو، پورا ٹولا رنگے ہاتھوں پکڑا گیا، ہم کہتے تھے ان کے ہاتھ کرپشن میں رنگے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میاں شہباز شریف نے معیشت پر توجہ دی، یہ توشہ خانہ سے چیزیں چوری کر رہے تھے، کہا گیا ہے کہ تین سو ڈالر سے زیادہ کی چیز نہیں لے سکیں گے، اگر وزیراعظم چیزیں بیچ دیتا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایک شفافیت کے کارنامے کر رہا ہے، یہ سڑک اس وقت کیوں نہ بنی جب کہتے تھے ہم عوام کی خدمت کر رہے ہیں، جو وعدے کیئے ہیں وہ پورے کر رہے ہیں، جب بھی تعمیر و ترقی ہوئی ن لیگ کے دور میں ہوئی ہے۔ عطا تارڑ نے کہا کہ ان کے دور میں کام نہ ہوا کیونکہ یہ لوگ پیسے کمانے میں لگے ہوئے تھے کیش اکٹھا کر رہے تھے، ڈیلیں کر رہے تھے، ہم نے وعدہ کیا تھا اس حلقے کو مثالی بنائے گے، ہم بین الاقوامی سطح پر بھی پاکستان کا مقدمہ لڑتے ہیں، ٹاؤن شپ کا علاقہ ایک مثالی علاقہ بنے گا، شہباز شریف ڈیفالٹ کے دھانے سے واپس لے آئے ہیں، پاکستان کی معیشت دنیا کی بہترین معیشت بنے گی، وعدہ کیا تھا پبلک سیکرٹریٹ بھی کھلے گا آپ کے درمیان بھی رہے گے۔

بقیہ 37

گورنمنٹ سروس میں تعینات ہوئے اور ساٹھ سال عمر مکمل ہونے پر گزشتہ دن بڑے اعزاز کے سبکدوش ہو گئے۔ انہیں الوادع کہنے کے لئے ایک سادہ تقریب منعقد ہوئی جس میں سیکرٹری یونین کونسل نمبر 6 تجمل حسین۔ سیکرٹری یونین کونسل نمبر 1 عبدالحمید۔ سیکرٹری یونین کونسل نمبر 8 عرفان بھلر سماجی شخصیت انوار الحق صابر، صدر پریس کلب نواں لاہور رانا سرفراز خاں، مختار حسین۔ اسلم بلوچ۔ محمد خالد اور محمد ریاض نے انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں سے رخصت کیا اور کہا کہ باقی زندگی بھی انسانیت کی خدمت میں صرف کریں گے۔

بقیہ 38

SIGAR نے رپورٹ جاری کر دی ، امریکہ میں منجمد کیے گئے افغان مرکزی بینک کے 3.5 ارب ڈالر کے اثاثے سوئٹزرلینڈ میں قائم افغان فنڈ میں منتقل کیے گئے ،افغان طالبان نے خواتین کی ملازمتوں بشمول این جی اوز، صحت اور دیگر شعبوں میں ملازمتوں پر بھی پابندی عائد کر رکھی ہے۔ افغانستان میں امریکہ کی امدادی کارروائیوں کے حوالے سے سپیشل انسپکٹر جنرل فار افغان ری کنسٹرکشن (SIGAR) کی تازہ ترین رپورٹ کے مطابق "اگست 2021 میں افغانستان سے امریکی انخلاء کے بعد سے تقریباً 3.71 بلین ڈالر کی امداد خرچ کی گئی خرچ امداد کا 64.2 فیصد اقوام متحدہ کی ایجنسیوں، UNAMA اور ورلڈ بینک کے زیر انتظام افغانستان ریزیلینس ٹرسٹ فنڈ کے ذریعے تقسیم کیا گیا ہے 1.2 بلین ڈالر اضافی امدادی فنڈنگ بھی جاری کرنے کے لئے دستیاب ہے امریکا میں منجمد کیے گئے افغان مرکزی بینک کے 3.5 ارب ڈالر کے اثاثے سوئٹزرلینڈ میں قائم افغان فنڈ میں منتقل کیے گئے کیا گیا 3.5 ارب ڈالر، اب سود کے ساتھ 4 ارب ڈالر ہو چکا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ تشویشناک امر یہ ہے کہ اتنی بڑی امداد کے باوجود افغان طالبان کی جابرانہ پالیسیاں جاری ہیں اتنی امداد ملنے کے باوجود افغان طالبان نیتا حال خواتین کی تعلیم پر پابندیاں عائد کر رکھی ہیں افغان طالبان نے خواتین کی ملازمتوں بشمول این جی اوز، صحت اور دیگر شعبوں میں ملازمتوں پر بھی پابندی عائد کر رکھی ہے۔

بقیہ 39

پہنچنے کا خدشہ ہے، جس سے کسانوں کو مالی بحران کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ کسانوں نے حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ انہیں رعایتی قیمت پر سولر سسٹم فراہم کیا جائے تاکہ وہ جدید طریقوں سے کاشتکاری کر سکیں اور پانی کی قلت کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ تھل کے علاقے میں بارشوں کی کمی کی وجہ سے چنے کی پیداوار پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں، جس سے مقامی کسانوں کو بھاری نقصان ہو سکتا ہے۔ کسانوں کا کہنا ہے کہ اگر فصل اچھی نہ ہوئی تو وہ قرض کے بوجھ تلے دب جائیں گے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ بروقت اقدامات کرے اور کسانوں کو سہولت فراہم کرے تاکہ وہ اپنی پیداوار بہتر بنا سکیں۔ موسمیاتی تبدیلی کے باعث زراعت پر بھی منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ جدید ٹیکنالوجی، جیسے سولر سسٹم سے چلنے والے ٹیوب ویل، کسانوں کے لیے ایک بہتر حل ثابت ہو سکتے ہیں۔ کسانوں کی یہ پریشانیاں حکومت کی فوری توجہ کی متقاضی ہیں، کیونکہ زراعت پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ زراعت دوست پالیسیوں پر عمل کرے اور کسانوں کو سہولت فراہم کرے تاکہ وہ اپنی پیداوار بہتر بنا سکیں۔

بقیہ 40

سنت نورالمساجد چیچہ وطنی صرف ایک ادارہ نہیں بلکہ ایک عظیم تحریک ہے، جو عقائد کی حفاظت، عمل کی پختگی، اور ایک پر امن پاکستان کے قیام کے لیے کوشاں ہے۔ ہمارا مشن واضح اور مضبوط ہے: دینِ اسلام کی سچی تعلیمات کو فروغ دینا، کردار سازی کو بنیاد بنانا، اور پاکستان کو امن و سلامتی کا گہوارہ بنانا، یہاں علم کی روشنی صرف مدرسے کی چار دیواری تک محدود نہیں بلکہ یونیورسٹی کی تعلیم اور تحقیق تک پھیلی ہوئی ہے۔ ہم عقیدے کے استحکام کے ساتھ ساتھ عمل پر مداومت کی تعلیم دیتے ہیں تاکہ ہر طالبِ علم دین و دنیا دونوں میدانوں میں کامیابی حاصل کر سکے۔ ہمارے ایم فل کے تحقیقی موضوعات ہی اس بات کا ثبوت ہیں کہ ہم وقت کے تقاضوں اور امتِ مسلمہ کے مسائل کو سامنے رکھتے ہوئے ایک خوبصورت اور موثر راہ کا تعین کر رہے ہیں۔ یہ موضوعات ملک و ملت کی تعمیر و ترقی کے عکاس ہیں اور ہمیں درپیش چیلنجز کا جواب فراہم کرتے ہیں۔ آئیے! آپ بھی اس کارواں کا حصہ بنیں، اپنے علم، فکر اور جذبے کے ذریعے اس مشن میں ہمارا ساتھ دیں، مل کر ایک ایسا پاکستان بنائیں جہاں محبت، بھائی چارہ، اور امن کا پرچم بلند ہو۔

بقیہ 41

تحصیل امیر حافظ محمد عثمان، مولانا عبدالواحد نفیسی ، مولا نا سیف اللہ نقشبندی نے کہا ہے کہ کشمیری مسلمانوں پر ظلم وستم کر کے بھارت انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزیاں کر رہا ہے عالمی برادری بھارت کے ظلم وستم کا نوٹس لے کر کشمیری مسلمانوں کے قتل عام کو رکوائے کشمیریوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا جلد ہی بھارت کے ظلم وستم سے کشمیری آزاد ہوں گے اور پورا کشمیر بنے گا پاکستان ہم کشمیری بھائیوں کے ساتھ ہیں اُمت مسلمہ کو دہشت گرد ملک قرار دلوانے کے لیے آواز اُٹھائے کفریہ طاقتیں دنیا بھر میں بے گناہ مسلمانوں کا قتل عام کر رہی ہے اُمت مسلمہ کے اتحاد کی برکت سے جلد ہی دنیا بھر میں اسلام کا جھنڈا بلند ہوگا اور امن سلامتی کی فضاء قائم ہوگی۔

بقیہ 42

سیالکوٹ اور ڈسکہ میں سنیپ چیکنگ کیلئے سپیشل ٹیمیں کی تشکیل۔ یہ ٹیمیں باڈی کیم، بلٹ پروف جیکٹس، جدید اسلحہ اور دیگر الیکٹرانک گیجٹس سے لیس ہوگی جن کا براستہ لنک سیف سٹی سسٹم سے ہوگا۔ جو یہ ٹیمیں کرائم ہاٹ سپاٹ پر سرپرائز طور پر ایک چیک پوسٹ قائم کرینگے اور 45 منٹ کے عرصہ میں سنیپ چیکنگ کرینگے۔ جہاں پر مشکوک افراد کو بذریعہ کرائم پروی وینشن ایپ کے ذریعے چیک کیا جائے گا۔ جس سے کریمنل افراد کو کرائم سے پہلے روکا جا سکے گا۔ پولیس ٹیم کے باڈی کیم کی آڈیو اور ویڈیو ریکارڈنگ ہوگی اور یہ تمام ڈیٹا سیف سٹی کے سسٹم سے منسلک ہوگا۔ ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد نے سیالکوٹ کے شہریوں سے اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ دوران سنیپ چیکنگ ان ٹیموں سے آپکا تعاون بہتر خدمت میں معاون ثابت ہوگا اور اس کے ساتھ ساتھ عوام کی جانب سے پولیس ملازمان کے غیر مناسب روایہ کی شکایت کا ازالہ بھی ہوگا۔ ایک اور اہم اقدام اٹھاتے ہوئے شہریوں کی جانب سے ٹریفک سٹاف کے ناروا سلوک اور غیر ضروری چالان کرنے کی شکایات کو دور کرنے کے لیے ٹریفک پولیس اسٹاف کو بھی باڈی کیم سے لیس کر دیا گیا ہے۔ جس کا بھی لنک سیف سٹی سسٹم سے ہوگا۔ ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد نے کہا ہے کہ اس جدید اور آئی ٹی بیس سسٹم سے لیس ٹیموں کا مقصد سیالکوٹ کے باسیوں کے لیے بہتر پبلک سروس ڈیلیوری مہیا کرنا ہے۔

بقیہ 43

عوامی اتحاد و متحدہ مجلس عمل سید فیصل گیلانی نے گذشتہ روز ایم این اے سید رضا علی گیلانی اور زمیندار تبلیغی جماعت کے اعزاز میں پر تکلف عشائیہ کا اہتمام کیا اس موقع پر زمیندار جماعت کے امیر ڈاکٹر مسعود نے حاضرین محفل سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دنیا و آخرت کی کامیابی سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر عمل پیرا ہونے میں ہے۔ ختم نبوت کے صدقے دعوت و تبلیغ کا کام امت مسلمہ کی ذمہ داری ہے پوری دنیا میں کلمہ کی آواز لگ جائے اسکے لیے ہمیں نکلنا ہوگا کفار تک اسلام پہنچانا ہم سب مسلمانوں کے ذمہ ہے ساری دنیا سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پیاسی ہے پوری دنیا میں اسلام پھیل جائے مسجدیں آباد ہو جائیں معاملات درست ہو جائیں حالات سدھر جائیں ان سب کیلئے ہمیں اللہ سبحان وتعالیٰ کے راستہ میں نکلنا ہوگا اور دنیا کی خیر خواہی کی محنت کرنا ہوگی۔

بقیہ 44

صحت اور لاغر جانوروں کے پانی ملے گوشت کی فروخت سرعام دھڑلے سے جاری ہے جبکہ بڑے گوشت اور چھوٹے گوشت کی قیمتیں بھی آسمان سے باتیں کرنے لگیں جن کا گوشت عام آدمی کی پہنچ سے دور ہے، قصاب بغیر مہر کے ہی من مرضی کے ریٹ لگا کر گوشت فروخت کر رہے ہیں جو مضر صحت بھی ہوتا ہے، پرائس کنٹرول کمیٹیاں اور انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہیں، سماجی ، فلاحی اور عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر ساہیوال سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 45

میں شاندار تقریب، سالانہ رزلٹ کی تقریب میں کوآرڈینیٹر وزیراعظم برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان شبیر احمد عثمانی نے خصوصی شرکت کی، بچوں نے ٹیبلو پیش کئے، اسلامی دعائیں سنائیں، خوب داد وصول کی، تفصیلات کے مطابق اقراء اور الاطفال سیدنا اویس قرنی کیمپس مصطفیٰ آباد میں سالانہ رزلٹ کے حوالے سے شاندار تقریب کا اہتمام کیا گیا، تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت پاک سے کیا گیا، طلبہ و طالبات نے مہمانوں کو ویلکم کرنے ، افواج پاکستان سے محبت، والدین کی عظمت، طواف کعبہ، فلسطینی مسلمانوں سے اظہار یکجہتی سمیت دیگر موضوعات پر ٹیبلو پیش کئے اور اسلامی دعائیں سنا کر خوب داد وصول کی، پرنسپل مفتی یاسر نے مہمان خصوصی کوآرڈینیٹر وزیراعظم برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان شبیر احمد عثمانی، صدر پریس کلب عمران سلفی، صدر الیکٹرونک میڈیا سیٹھ محمد حسین، محمد طاہر میو، ملک ماجد بشیر و دیگر مہمانوں کا شاندار استقبال کیا، تقریب میں آنے والے مہمانوں نے پوزیشن ہولڈر طلبہ و طالبات، اساتذہ میں انعامات و شیلڈیں پیش کی، مہمان خصوصی کوآرڈینیٹر وزیراعظم برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان شبیر احمد عثمانی نے تقریب سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ مفتی حافظ یاسر نے جس انداز میں طلبہ و طالبات کی تربیت کی ہے وہ اپنی مثال آپ ہے، انہوں نے بچوں کو دینی و دنیاوی تعلیم ایک ساتھ فراہم کرنا قابل تحسین ہے۔

بقیہ 46

انصاف اور قانون کی حکمرانی کو یقینی بنانے کے لیے بے مثال اقدامات کیے۔ قبضہ مافیا، جرائم پیشہ عناصر اور سماج دشمن قوتوں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں کیں، جن کے نتیجے میں اربوں روپے کی سرکاری و نجی زمینیں واگزار ہوئیں، اور مافیا کو پسپائی اختیار کرنا پڑی۔ ان کے دور میں چوروں اور ڈاکوؤں کی سرکوبی کے لیے تاریخ ساز آپریشن کیے گئے۔ درجنوں بدنام زمانہ مجرم اپنے انجام کو پہنچے، جبکہ متعدد خطرناک ملزمان کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں کھڑا کیا گیا۔ اشتہاری مجرمان کے خلاف تابڑ توڑ ایکشن کیا گیا، اور پولیس کے محکمے میں خود احتسابی کے عمل کو فروغ دیتے ہوئے بدعنوان افسران اور اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائیاں کی گئیں، جس سے پولیس کا نظام مزید بہتر ہوا اور عوام کا پولیس پر اعتماد بحال ہوا منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے بھی ان کی قیادت میں بے رحمانہ کریک ڈاؤن کیا گیا۔

بقیہ 47

حافظ نیاز احمد بنگالی، مولانا عبدالستار نیازی، سید عطاء اللہ شاہ بخاری، مفتی غلام حسین نعیمی، میاں خالد محمود لاہوری، حافظ زبیر ورک، علامہ نوید لاہوری، علامہ یونس ریحان، اسلم کلیانوی، علامہ علی عمران شاہین، مولانا فداء الرحمٰن حیدری، حافظ افتخار احمد فخر، مفتی محمد اسعد نیاز، علامہ عزیر ربانی، میاں طیب منیر لاہوری، چوہدری سیف اللہ، ڈاکٹر عبدالشکور عظیم، ریاض چوہدری، رحمت اللہ لاشاری، پیر قاری علی حیدر شجاع آبادی، حافظ یعقوب شاہ نے بلوچستان میں دہشت گردی کے خاتمے اور باہمی اتحاد قومی یکجہتی و سلامتی کے ضمن میں شہداء پاک فوج کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا اور کہا ہے کہ وطن عزیز میں بڑھتی دہشتگردی اور وطن و امن دشمنوں کے یکسر خاتمہ انتہائی ناگزیر ہے انہوں نے کہا کہ عرض پاک وطن کے دفاع و بقاء کیلئے فوج کی خدمات و قربانیاں ناقابل فراموش ہیں 24 کروڑ غیور عوام کے دل نہ صرف اپنی بہادر و غیور افواج پاکستان کیساتھ دھڑکتے ہیں بلکہ وہ ملک دشمنوں کو دندان شکن جواب دینے کیلئے ہر وقت پاک فوج کے شانہ بشانہ تیار کھڑے ہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ بلوچستان میں شرپسندی پھیلانے والے بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کے دشمن ہیں۔ حکومت بلوچستان کی ترقی کیلئے ہر ممکن اقدام جاری رکھے بلوچستان کے معصوم عوام کو دہشتگردوں سے محفوظ رکھنے کا پاک فوج کا غیر متزلزل عزم لائق تحسین ہے۔

بقیہ 48

ہیں، سرکاری سکولوں میں سولر کے ذریعے فلٹریشن پلانٹ لگا رہے ہیں، ایجوکیشن کی بہتری کیلئے سکولوں کی دیگر ضروریات بھی پوری کر رہے ہیں، آٹزم کے شکار بچوں کیلئے پاکستان کا پہلا سکول بنانے جا رہے ہیں ، بلوشہ تنویر کی پریس کانفرنس، تفصیلات کے مطابق جنرل سیکرٹری عالم ویلفیئر سوسائٹی بلوشہ تنویر کی عالم ویلفیئر کے زیر اہتمام جاری منصوبوں کے حوالے سے پریس کلب مصطفیٰ آباد میں پریس کانفرنس، بلوشہ تنویر نے کہا کہ عالم ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام ہم مختلف پروجیکٹ پر کام کر رہے ہیں، ہم آٹزم کا شکار بچوں کی ایجوکیشن اور علاج کے حوالے سے کام کر رہے ہیں، ہم انہیں نارمل انسان بنانے کیلئے کوشاں ہیں، ہم ایسے بچوں کیلئے پاکستان کا پہلا سکول بنانے جا رہے ہیں، ہم مختلف سرکاری سکولوں کی بہتری کیلئے کام کر رہے ہیں۔

بقیہ 49

کی ستھرا پنجاب مہم کے تحت ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر وحید حسن گوندل کی زیرنگرانی ناجائز تجاوزات سے پاک سمیت شہر کو صاف ستھرا اور ماڈل بنانے کا عمل تیزی سے جاری ہے، میونسپل کمیٹی چیچہ وطنی نے شہر چیچہ وطنی کے مین بازار ، شہید ملت بازار سمیت دیگر بازاروں سے تجاوزات ختم کروا کر انہیں خوبصورت بنایا، اسسٹنٹ کمشنر وحید حسن گوندل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی۔

بقیہ 50

لیب اینڈ بلڈ بینک کے مینیجنگ ڈائریکٹر طاہر حسین نے لیب کے ایک سال مکمل ہونے کی خوشی میں یکم فروری سے 31 مارچ تک مریضوں کیلئے تمام ٹیسٹوں پر ڈسکاؤنٹ شیڈول جاری کر دیا۔ ڈسکاؤنٹ شیڈول میں مریضوں کا بلڈ شوگر لیول بالکل مفت چیک اپ ہو گا۔ اور اس کے علاوہ CBC خون کا مکمل ٹیسٹ 200 روپے خون کی مقدار کا ٹیسٹ 100 روپے lft جگر کا ٹیسٹ 500 روپے acid Uric یورک ایسڈ 200 روپے کولیسٹرول 200 روپے کالا یرقان ٹیسٹ 150۔ معدہ کے انفیکشن کا ٹیسٹ 200 روپے ہونگے جبکہ غریب اور مستحق مریضوں کے لے تمام ٹیسٹوں پر 50% تک ڈسکاؤنٹ ہوگا۔ اور مزید ڈاکٹر عبدالغفار (ایم بی بی ایس ایف سی پی ایس میڈیسن) مریضوں کا فری معائنہ بھی کریں گے۔

بقیہ 51

گزرے ہیں، آپ کے علمی کمالات کی مہک سے عالم اسلام کا گوشہ گوشہ آج بھی مہک رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیدنا امام اعظم ابوحنیفہ کے یوم وصال پر منعقدہ امام اعظم کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈویژنل صدر الحاج سرفراز احمد تارڑ، پیر سید فدا حسین شاہ حافظ آبادی، صاحبزادہ محمد نعمان صدیقی، حافظ عدیل عارف، مولانا ضیاء المرتضیٰ چشتی، علامہ محمد عمر صدیقی، قاری رفیع الرحمان قادری اور دیگر نے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ حضرت سیدنا امام اعظم تمام آئمہ حدیث و فقہ کے امام ہیں۔

بقیہ 52

مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، مذاکرات کے لئے حکومت کی جانب سے مثبت پیش رفت کے باوجود پی ٹی آئی کے رویئے پر گفتگو بھی کی گئی۔ وزیر داخلہ نے اس موقع پر وزیر داخلہ محسن نقوی نے تمام اپوزیشن و حکومتی جماعتوں کو ساتھ لے کر چلنے میں سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کی کاوشوں کو سراہا اور کہا کہ ایاز صادق نے حکومتی و اپوزیشن جماعتوں کو اکٹھا کرنے کے لیے قابل ستائش کردار ادا کیا۔ دونوں رہنماؤں نے ملک کی بہتر ہوتی معاشی صورتحال پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ملاقات میں عوامی مسائل کے حل کیلئے کیے گئے حکومتی اقدامات پر بھی بات چیت بھی کی گئی۔

بقیہ 53

یوٹیلٹی اسٹورز میں چینی دستیاب نہ ہونے کا انکشاف۔ ذرائع کے مطابق جس یوٹیلٹی اسٹور میں چینی ہے وہاں قیمت 160 روپے فی کلو تک پہنچ گئی عوام مارکیٹ میں تو چینی کی قیمت میں یومیہ اضافہ ہونے لگا انتظامیہ کی غفلت کے باعث دکانداروں نے من مانے ریٹ مقرر کر دیئے ہیں جبکہ مختلف مارکیٹوں میں چینی کی قیمت 170 سے 190 روپے فی کلو میں مل رہی ہے صرف چند دنوں میں قیمت 40 سے 50 روپے فی کلو بڑھی ہے۔ اس حوالے سے دکانداروں کا کہنا تھا کہ آنے والوں دنوں میں چینی کی قیمت مزید بڑھنے کا خدشہ ہے۔

بقیہ 54

حدیث کے رہنماء مولانا ثاقب سرور ساقی معہ وفد، مرکزی مسلم لیگ کے رہنماء سردار منشاء گجر معہ وفد، جمعیت اہلحدیث کے رہنماء حافظ عبدالباسط جنجوعہ، رہنماء مسیحی کمیونٹی و بین المذاہب ہم آہنگی آصف منور، رہنماء سکھ کمیونٹی و نائب صدر انجمن تاجران سردار جسپال سنگھ، سربراہ تحریک تبدیلی نظام رائے اعجاز بھٹی ایڈووکیٹ، انجمن تاران کے عہدیداران حاجی ولدار علی اور ایم ہاشم، جمعیت طلباء اسلام کے رہنماء حافظ حمزہ نواز وحذیفہ سلیم، سمیع اللہ فیصل، حافظ عبداللہ عزیز، اسلامک لائرفورم کے چیئرمین سلیم بٹ، ادارہ اخوت کی سٹیرنگ کمیٹی کے چیئرمین علی احمد گجر، ممتاز سماجی شخصیت چوہدری عبدالرحمٰن گجر، سنی علماء کونسل کے رہنماء حافظ عمران حمزہ کے علاوہ جمعیت علما اسلام کے رہنمایان مولانا موسیٰ کلیم، عبدالرحمٰن عزیز، خالد مصطفیٰ ترک، نصر اللہ حسن ڈھڈی، امجد اقبال ساج، قاری محمد اقبال حیدری، قاری طاہر، وقار گجر ایڈووکیٹ، عثمان صدیق، محمد فاروق و دیگران نے موضوع کے مطابق خطاب کیا۔ جے یو آئی کے مرکزی شوریٰ کے ممبر شہباز گجر ایڈووکیٹ نے مذکورہ موضوع کے حوالہ سے علامیہ پڑھ کر سنایا جس کو آل پارٹیز کانفرنس کے شرکاء نے منظور کیا گیا علامیہ میں حکومت و ریاست سے مطالبہ کیا گیا کہ مسئلہ کشمیر کو ملک کی خارجہ پالیسی کا محور بنایا جا ئے۔ کشمیر و فلسطین کا تنازعہ صرف جغرافیائی مسئلہ نہیں ہے بلکہ عالمی انسانی اور امت مسلمہ کا اجتماعی مسئلہ ہے جس سے پوری دنیا کا امن وابستہ ہے۔ بھارت و اسرائیل کے خلاف جنگی جرائم کے تحت عالمی عدالت انصاف میں حکمران مقدمات دائر کریں اور اسرائیلی مصنوعات کا بائیکاٹ کیا جائے۔ مقبوضہ وادی و فلسطین میں عوام پر عرصہ حیات بھارت و اسرائیل و سامراجی قوتوں نے انتہائی تنگ کر دیا ہے جس سے انسانیت شرما گئی ہے۔

بقیہ 55

انتھارٹی (نیپرا) 12 فروری 2025 کو درخواستوں پر عوامی سماعت کرے گی۔ ذرائع کے مطابق کی مارچ، اپریل اور مئی کے مہینوں میں بجلی کے نرخوں پر اثر انداز ہوگی، کے الیکٹرک صارفین پر بھی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ لاگو ہوگی جبکہ لائف لائن صارفین کو ریلیف نہیں دیا جائے گا۔ یاد رہے کہ کراچی کے سوا ملک کے باقی ماندہ صارفین کیلئے نیپرا ماہانہ ایڈجسٹمنٹ میں مسلسل 5 بار بجلی سستی کر چکا ہے اور چھٹی بار بجلی سستی کرنے کی درخواست پر نیپرا کا فیصلہ ابھی آنا باقی ہے۔

بقیہ 56

ایک بہت بڑا مسئلہ بن چکا ہے لیکن کسی حکومت کے پاس شہریوں پر شکنجہ کسنے کے لامحدود نہیں ہونے چاہئیں' پیکا قانون پر نمائندہ میڈیا تنظیموں سے مشاورت کی جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس قانون کے تحت بنائے جانے والے ٹریبونلز کے فیصلوں کیخلاف اپیل کا حق ہائی کورٹس کو دیا جائے، بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے پیکا قانون میں اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے ضروری ترامیم لائی جائیں۔ سعد رفیق نے کہا کہ یاد رہے قوانین کی چھڑی ہمیشہ وقت بدلنے کے ساتھ اسے بنانے والوں کیخلاف استعمال ہوتی ہے۔

بقیہ 57

تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) میں بڑے پیمانے پر ریفارم لانے کا فیصلہ کرلیا۔ ایف آئی اے میں بڑے پیمانے پر اہم افسران کو تبدیل کئے جانے پر غور کیا جا رہا ہے، محکمے میں مبینہ کرپشن کی شکایات سمیت بے شمار شکایات کی روشنی میں فیصلہ کیا گیا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب
AC1 اوکاڑہ

وراثتی انتقال۔ لال ولد لنگر قوم بلوچ لشاری سکنہ موضع 27/GD تحصیل و ضلع اوکاڑہ قضائے الٰہی سے انتقال فرما گئے ہیں جن کی وراثت کیلئے رجوع کیا گیا ہے جن کا وراثت انتقال نمبر درج رجسٹر ہو چکا ہے۔ بحق وارثان بابر (پہلے کنوارہ فوتشد)، زہراں، محمد یاسین، محمد یار، انور بی بی، صاحب بی بی پسران و دختران متوفی کے نام درج کیے گئے ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی اور وارث ہو تو اخبار اشتہار کی اشاعت کے بعد اندر سات یوم عدالت ہذا سے رجوع کرے اسکے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب نوید الرحمٰن صاحب
فیملی جج وہاڑی

عنوان: سمیرا کوثر بنام فاروق احمد ولد شوکت علی قوم جٹ سکنہ چک نمبر R-/105 تحصیل چیچہ وطنی ضلع ساہیوال' دعویٰ تنسیخ نکاح ہرگاہ دعویٰ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ 11۔فروری۔2025 کو صبح 9 بجے حاضر عدالت آکر پیروی دعویٰ کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔

بعدالت جناب سعدیہ عالم صاحبہ
سول جج فیملی کورٹ اوکاڑا

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع بعنوان: صباء سرور بنام محمد علی زاہد اشتہار بنام: محمد علی زاہد ولد زاہد محمود قوم آرائیں سکنہ گلریز کالونی فیصل آباد روڈ اوکاڑا۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 06-02-2025 کو بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یکطرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

بعدالت جناب فرزانہ وسیم صاحبہ
سول جج فیملی کورٹ عارف والا

دعویٰ: تنسیخ نکاح ، بعنوان: ام حبیبہ بنام محمد زاہد اشتہار بنام: محمد زاہد ولد محمد طارق قوم ملک سکنہ بھٹہ نمبر 2 تحصیل عارف والا۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 14-02-2025 کو بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یکطرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

بقیہ 58

آرگنائزر عالیہ حمزہ کا کالے قانون کے خلاف ہونے والے صحافیوں کے احتجاج میں شرکت، ان کے ہمراہ اپوزیشن لیڈر پنجاب ملک احمد خان بچھر، صدر شیخ امتیاز، ایم پی اے فرخ جاوید مون، پی ٹی آئی رہنما شایان بشیر سمیت دیگر پارٹی کارکنان، صحافیوں اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی، اس موقع پر عالیہ حمزہ کا کہنا تھا کہ ہر مشکل وقت میں پی ٹی آئی صحافیوں کیساتھ کھڑی ہے اگر صحافیوں کے ساتھ جیل بھی جانا پڑا تو جانے کیلئے تیار ہیں حکومت کے ایسے کالے قانون کی کسی بھی صورت حمایت نہیں کی جا سکتی۔

بقیہ 59

عناصر کو واضح، سخت اور جاندار پیغام دیتے ہوئے دو ٹوک وارننگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ جو لوگ اپنے غیر ملکی آقاؤں کی پراکسی بنے ہوئے ہیں، اور منافقت کا لبادہ اوڑھے، شکاری کے ساتھ شکار کرنے اور خرگوش کے ساتھ دوڑنے میں مہارت رکھتے ہیں، ہم انہیں اچھی طرح پہچانتے ہیں ہیں۔ آرمی چیف نے کہا کہ پاکستان کی قابل فخر قوم اور مسلح افواج کی مشترکہ قوت سے ان دوست نما دشمنوں کو ہر صورت شکست دی جائے گی۔ ترجمان کے مطابق آرمی چیف کا مزید کہنا تھا کہ اپنی مادر وطن اور عوام کے دفاع کے لیے ہم یقینی طور پر ان ملک دشمنوں کو منہ توڑ جواب دیں گے اور 'ان دشمنوں کو شکار' کریں گے چاہے یہ کہیں بھی چھپے ہوں۔ آرمی چیف نے بلوچستان کے عوام کی سلامتی اور فلاح و بہبود کو یقینی بنانے کے لیے فوج کے عزم کا اعادہ کیا۔ چیف آف آرمی سٹاف نے خطے میں امن، استحکام اور ترقی کو فروغ دینے کی کوششوں میں صوبائی حکومت کی مکمل حمایت کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 60

ہے کہ خانوزئی لیویز کی گاڑی پر حملے کے نتیجے میں 4 لیویز اہلکاروں سمیت 5 افراد جاں بحق ہوگئے، مرنے والے تمام افراد کا تعلق قلعہ سیف اللہ بلوچستان سے بتایا جا رہا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر کے مطابق جاں بحق لیویز اہلکاروں کی میتیں درابند ہسپتال منتقل کر دی گئی ہیں۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ واقعے کے بعد پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا، ملزمان کیخلاف موثر کارروائی کرتے ہوئے انہیں منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔

بقیہ 61

کے مطابق انسداد پولیو مہم اور ڈینگی کی روک تھام کے سلسلے میں انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے ڈپٹی کمشنر تسلیم اختر راو کی زیرصدارت اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں اجلاس منعقد ہوا۔ ڈپٹی کمشنر تسلیم اختر راو نے محکمہ صحت و دیگر اداروں کو انسداد پولیو مہم کو موثر اور کامیاب بنانے کی ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی موجودگی تک خطرہ برقرار ہے۔ انہوں نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز انسداد پولیو مہم کی خود نگرانی کریں گے، پولیو کے خاتمے کی کوششوں میں مطلوبہ نتائج حاصل کرنے کیلئے جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لایا جائے۔

بقیہ 62

ٹرالہ کے نیچے آ کر جاں بحق ہو گیا۔ معلوم ہوا ہے کہ چک نمبر 333 ج ب کا محمد حسنین اپنی موٹر سائیکل پر سوار ہو کر اڈا نواں لاہور سے واپس گاؤں جا رہا تھا کہ راستہ میں ٹرالہ کو اوورٹیک کرتے ہوئے موٹر سائیکل پھسل گیا اور وہ ٹرالہ کے ٹائر کے نیچے آ گیا اور موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔

بقیہ 63

متعلقہ تحصیلوں میں رجسٹریشن مراکز کا دورہ کریں اور عملے کی کارکردگی کا جائزہ لیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عوامی سہولت کے پیش نظر PSER رجسٹریشن کا عمل روزانہ کی بنیاد پر جاری رہے گا تا کہ زیادہ سے زیادہ شہری اس سہولت سے مستفید ہو سکیں۔

عاق نامہ

ہر خاص و عام کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ میں اپنے حقیقی بیٹے امیر شہزاد کو بوجہ گستاخی نافرمانی حکم عدولی اور بوجہ بری صحبت اپنی تمام جائیداد منقولہ و غیر منقولہ سے عاق کرتا ہوں۔ میں آئندہ سے اس کے کسی بھی قول و فعل کا ذمہ دار نہ ہوں۔ وہ اپنے نفع نقصان کا خود ذمہ دار ہے۔ یہ کہ میں اس کے کسی بھی قول و فعل لین دین کی بابت کسی شخص یا کسی سرکاری و غیر سرکاری ادارے کو جوابدہ نہ ہوں۔ تمام سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔ المشتہر: اشرف علی ولد جعفر حسین سکنہ موضع شیریں تحصیل و ضلع اوکاڑہ

بعدالت میڈم فائزہ ریاض صاحبہ
سول جج فرسٹ کلاس کھاریاں

دعویٰ استقرار حق۔ سائرہ صدف دختر مرید حسین قوم بھٹی ساکن چیچیاں ڈاکخانہ گلیانہ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات بنام عوام الناس۔ دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل ہونا آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہٰذا عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 17-02-2025 کو عدالت حضور میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر اپنا جواب دیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب جام فیض محمد صاحب
سینئر سول جج فیملی جج وہاڑی

عنوان: ارم بی بی بنام الیاس احمد ولد عبداللہ، قوم سیال ساکن ماچھیوال روڈ کمادیں تحصیل چیچہ وطنی ضلع ساہیوال' دعویٰ تنسیخ نکاح ہرگاہ درخواست عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقرر 12۔فروری۔2025 کو صبح 9 بجے حاضر عدالت آکر پیروی درخواست کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔

بعدالت جناب نعمان طاہر صاحب
فیملی کورٹ تاندلیانوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح' بعنوان: عاصمہ بی بی بنام ملک محمد ثاقب ولد مہابت قوم مسلم شیخ سکنہ چک نمبر 598 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ 07 فروری 2025 کو صبح 9 بجے حاضر عدالت آکر پیروی مقدمہ کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔

بعدالت جناب عاشی عظمت صاحبہ
فیملی کورٹ تاندلیانوالہ

دعویٰ: دلاپانے خرچہ نان ونفقہ' بعنوان: ماریہ بی بی وغیرہ بنام غلام رسول عرف مشکور قوم بلوچ سکنہ چک نمبر 599 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ 20 فروری 2025 کو صبح 9 بجے حاضر حاضر عدالت آکر پیروی مقدمہ کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔

سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان این اے 97 کے دورہ کے دوران اہل علاقہ سے ملاقات کر رہے ہیں

ترکیہ ایکسپو میں غیر معمولی پذیرائی ہوا کا تازہ جھونکا: پی سی ایم ای اے

41 ویں عالمی نمائش کیلئے رواں ہفتے ٹڈیپ کو مجوزہ تاریخوں سے آگاہ کرینگے' ریاض احمد

عالمی نمائش ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کیلئے آکسیجن کی حیثیت رکھتی ہیں' گفتگو

لاہور (کامرس رپورٹر) پاکستان کارپٹ مینو فیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن نے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی پاکستان کی جانب سے ترکیہ میں حال ہی میں منعقد ہونیوالی ''کارپٹ ایکسپو'' کیلئے بھرپور معاونت پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی نمائش میں پاکستان کے ہاتھ سے بنے قالینوں کی غیر معمولی پذیرائی اور بڑے پیمانے پر برآمدی سودے طے پانا مشکلات سے دوچار صنعت کیلئے ہوا کا تازہ جھونکا ہے، رواں سال پاکستان میں 41 ویں عالمی نمائش کے انعقاد کے حوالے سے ساؤتھ زون سے مشاورت کے بعد رواں ہفتے میں ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کو مجوزہ تاریخوں کے حوالے سے آگاہ کر دیا جائے گا۔ وائس چیئرمین ریاض احمد کی زیر صدارت ایسوسی ایشن کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں پیٹرن انچیف عبداللطیف ملک، چیئرپرسن سی ٹی آئی اعجاز الرحمان، سینئر مرکزی رہنما عثمان اشرف، سعید خان، قمر ضیاء، عثمان رشید، علی احمد، سعد الرحمان، بلال احمد

بقیہ نمبر 1

لاہور، پی سی ایم ای اے کے وائس چیئرمین ریاض احمد اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں
پیٹرن انچیف عبداللطیف ملک، چیئرمین سی ٹی آئی اعجاز الرحمٰن بھی موجود ہیں

ڈپٹی کمشنر چنیوٹ نے انسداد پولیو مہم کا آغاز کر دیا

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے ڈی ایچ کیو ہسپتال میں بچوں کو حفاظتی قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا آغاز کر دیا، اس موقع پر ڈی ایچ او ڈاکٹر خوشنود و دیگر محکمہ ہیلتھ کے افسران موجود تھے، ڈپٹی کمشنر نے بچوں کو قطرے پلائے اور انکی انگلیوں پر ویکسین پینے کے تصدیقی سیاہی کے نشانات لگوائے، اس موقع پر انکا کہنا تھا کہ ضلع میں انسداد پولیو کی خصوصی مہم باقاعدہ 3 فروری سے سٹارٹ ہوگی، انہوں نے مزید کہا کہ ضلع چنیوٹ میں پانچ سال تک کی عمر کے 2 لاکھ 97 ہزار 122 بچوں

بقیہ نمبر 2

2030ء تک آرگینک مصنوعات کی عالمی مارکیٹ کا حجم 375 ارب ڈالر تک پہنچنے کا امکان ہے' انجم مزاری



لاہور (کائی نیوز) ایک تخمینے کے مطابق 2030ء تک آرگینک مصنوعات کی عالمی مارکیٹ کا حجم 375 ارب ڈالر تک پہنچنے کا امکان ہے، خطے کے ممالک نے بھی اس پر توجہ مرکوز کر لی ہے اور 2023 میں روایتی حریف ملک کی آرگینک فوڈ مارکیٹ 2.07 ارب ڈالر تک پہنچ گئی،

بقیہ نمبر 3

اینٹی ویمن ہراسمنٹ سیل چنیوٹ کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ

سیل کو جنوری میں گھریلو تشدد، لڑائی جھگڑے کی 35 مختلف درخواستیں موصول

آگاہی مہم کیساتھ خواتین کے تحفظ کو بھی یقینی بنا رہے ہیں' ایس آئی لاریب شاہد

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق خواتین کے حقوق کے تحفظ کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ اینٹی ویمن ہراسمنٹ اینڈ وائلنس سیل میں خواتین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا رہا ہے۔ ماہ جنوری میں اینٹی ویمن ہراسمنٹ اینڈ وائلنس سیل کو مختلف 35 سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں۔ گزشتہ ماہ کے دوران گھریلو تشدد، لڑائی جھگڑے، میاں بیوی کے لڑائی جھگڑے کی 20 درخواستیں موصول ہوئیں۔ ایک ماہ میں ہراسمنٹ 10، لین دین و دیگر معاملات کی 15 سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں۔ تمام درخواستوں پر خواتین کے مسائل کو حسب ضابطہ کارروائی کرتے ہوئے حل کیا گیا۔ اس حوالے سے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سب انسپکٹر لاریب شاہد کا کہنا تھا کہ اینٹی ویمن ہراسمنٹ اینڈ وائلنس سیل میں آگاہی مہم کے ساتھ خواتین کے تحفظ کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ خواتین کسی بھی ایمرجنسی صورتحال میں ویمن سیفٹی ایپ، پنجاب پولیس پبلک ایپ، ایمرجنسی نمبروں سے مدد حاصل

بقیہ نمبر 6

طالبات کی فیس لے کر فرار ہونے کے معاملے میں نیا موڑ سپرنٹنڈنٹ نے زہریلی دوا پی لی

کراچی (این این آئی) کراچی میں طالبات کی فیس لے کر فرار ہونیوالے سرکاری کالج کے سپرنٹنڈنٹ نے گرفتاری کے خوف سے زہریلی دوا پی لی۔ پولیس کے مطابق گورنمنٹ کالج فار ویمن ناظم آباد سے طالبات کی فیس لے کر فرار ہونے کے معاملے میں اہم موڑ آیا ہے۔ کالج کا سپرنٹنڈنٹ

بقیہ نمبر 4

لاہور، پرنسپل جنرل ہسپتال لاہور پروفیسر ڈاکٹر الفرید ظفر گزشتہ سال کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کنٹری گروپ آف کالجز کے زیراہتمام ونٹر فیسٹول کا انعقاد

سی ای او ایجوکیشن شازیہ بانو اور ممبر پنجاب بار کونسل چودھری انوار کی خصوصی شرکت

ایسی تقاریب بچوں کی ذہنی وجسمانی نشوونما کیلئے ضروری ہیں' شازیہ بانو کی گفتگو

چیچکی (نامہ نگار) کنٹری گروپ آف کالجز کے زیراہتمام رنگا رنگ ونٹر فیسٹول 2025 کا انعقاد رکن پنجاب اسمبلی مہر کاشف رنگ الٰہی پڈھیار، سی ای او ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی شازیہ بانو اور ممبر پنجاب بار کونسل چوہدری انور زاہد کی فیسٹول میں بطور مہمان خصوصی شرکت، لوگوں کی ایک بڑی تعداد اس یادگار فیسٹول سے خوب لطف اندوز ہوئی، مہمانوں اور شرکاء کی بہترین فیسٹول کے انعقاد پر منتظمین کو خراج تحسین تفصیلات کے مطابق کنٹری گروپ آف کالجز کے زیراہتمام موڑ کھنڈا کیمپس میں رنگا رنگ ونٹر فیسٹول 2025ء کا انعقاد کیا گیا، دو روز تک جاری رہنے والے رنگا رنگ ونٹر فیسٹول کا افتتاح سی ای او ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی شازیہ بانو نے کیا، انہوں نے ڈائریکٹر کنٹری گروپ آف کالجز مہر احمد علی پڈھیار اور دیگر مہمانوں کے ہمراہ

بقیہ نمبر 7

محکمہ زراعت نے حالیہ خشک سالی کے تناظر میں گندم کی بہتر نگہداشت کیلئے سفارشات جاری کر دیں

لاہور (پ ر) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق بارانی علاقوں کے کاشتکار گندم کی فصل میں آبپاشی کیلئے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائیں تا کہ بڑھوتری کا عمل جاری رہے۔ زمین میں موجود نمی کو محفوظ رکھنے کے لیے جڑی بوٹیوں کی تلفی بذریعہ گوڈی کریں۔ اس ضمن میں یوریا یا پوٹاشیم نائٹریٹ (قلمی شورہ) کا 2 فیصد محلول بحساب 100 تا 120 لیٹر فی ایکٹر سپرے کریں اور بہتر نتائج کے لیے یہی

بقیہ نمبر 8

ننکانہ صاحب، ایم پی اے مہر کاشف رنگ الٰہی پڈھیار، ممبر پنجاب بار کونسل چودھری انور زاہد اور سی ای او ایجوکیشن شازیہ بانو ونٹر فیسٹول میں شریک ہیں

مقبوضہ کشمیر میں عوام کے حقوق کی پامالی جاری' رانا جبران

رہنما پاکستان ملی فیڈریشن کا بھارت سرکار کی مسلم دشمن پالیسیوں پر اظہار تشویش

عالمی سطح پر بھارت کی جابرانہ اور مسلم دشمن پالیسیاں کسی سے ڈھکی چھپی نہیں' بیان

لاہور (پ ر) پاکستان ملی لیبر فیڈریشن کے جنرل سیکرٹری رانا جبران نے مقبوضہ کشمیر میں بے روزگاری کی بڑھتی ہوئی شرح اور بھارت سرکار کی مسلم دشمن پالیسیوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق مقبوضہ کشمیر میں بے روزگاری کی شرح 28 فیصد تک پہنچ گئی ہے، جس سے علاقے میں معاشی بحران مزید گہرا ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کے تعلیم یافتہ نوجوانوں کے لیے سرکاری ملازمتوں کے دروازے بند کر دیے گئے ہیں، جو بھارت سرکار کی مسلم دشمن پالیسیوں کا نتیجہ ہے۔ اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان روزگار کے مواقع نہ ملنے کی وجہ سے سڑکوں پر ٹھیلے لگا کر اشیاء بیچنے اور چھوٹے کاروبار کرنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت سرکار کی جانب سے مقبوضہ

بقیہ نمبر 10

کراچی میں قبریں بھی بلیک میں فروخت ہونے لگیں، 2 گورکن گرفتار

کراچی (نیوز ڈیسک) ڈپٹی کمشنر سینٹرل طلحہ سلیم کی ہدایت پر پولیس نے ضلع وسطی میں گورکنوں کے خلاف آپریشن کے دوران محمد شاہ قبرستان سے قبروں کی مد میں مقررہ قیمت سے زائد رقم لینے والے دو گورکنوں کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ڈپٹی کمشنر سینٹرل کے مطابق ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ شہری زیادہ رقم لینے والے گورکنوں کی نشاندہی کریں، ان کے خلاف بھرپور کارروائی ہوگی اور کراچی کے قبرستانوں سے گورکن

بقیہ نمبر 9

ضرورت کورٹ رپورٹرز

www.dailyqadamat.com ••• E-mail:- dailyqadamat@gmail.com
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED Member APNS/CPNE نوک قلم کی حرمت کا پاسبان
Daily QADAMAT Lahore
روزنامہ قدامت لاہور
ایڈیٹر ایم گلزار مصطفائی
منیجنگ ایڈیٹر عمران انجم
ریذیڈنٹ ایڈیٹر اقبال ہارپر

روزنامہ ''قدامت'' لاہور کو قصور، گوجرہ، کمالیہ، پیر محل، حافظ آباد، پنڈی بھٹیاں، ظفر وال، نارووال، سرائے عالمگیر، خوشاب، کوٹ مومن، ساہیوال ضلع سرگودھا، جوہر آباد، پسرور، ڈسکہ، بھکر، جہلم، پنڈ دادنخان، خانیوال، میاں چنوں اور جنوبی پنجاب سے کوٹ رپورٹرز درکار ہیں۔

خواہش مند حضرات رابطہ کریں

ڈپٹی ایڈیٹر: زین ملک 0300-6975542

پسے طبقات کے مسائل کو ہر سطح پر اجاگر کرینگے: ہمایوں اختر

صوبے کے تمام اضلاع کو ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنیکی پالیسی ناگزیر

ہم سیاست کسی غرض کے بغیر صرف خدمت کی نیت سے کر رہے ہیں' گفتگو

لاہور (جنرل رپورٹر) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ صوبے کے تمام اضلاع کو ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنے کی پالیسی ناگزیر ہے، کسانوں، تاجروں، نوجوانوں، خواتین اور خصوصاً پسے ہوئے طبقات کے مسائل کو ہر سطح پر اجاگر کریں گے، یہاں کی عوام سے جو دیرینہ تعلق ہے اس میں ہر گزرتے دن کے ساتھ مزید مضبوطی آئے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ این اے 97 کے طویل دورہ کے موقع پر مقامی لوگوں سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ہمایوں اختر خان سے لڈو چوک میں قائم سیاسی دفتر میں مختلف علاقوں سے تعلق

بقیہ نمبر 11

عمران خان ن لیگ اور پی پی کی سیاست کیلئے حقیقی خطرہ: مسرت چیمہ

چیئرمین باہر آئینگے تو نام نہاد مقبول حکمرانوں کو اپنی سیاست سمیٹنے کا بھی موقع نہیں ملے گا

جب بھی الیکشن ہونگے 8 فروری پلس ہوگا، اسی دن سے حقیقی آزادی کا آغاز ہوگا

لاہور (کائی نیوز) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ 8 فروری کو عوام پرامن احتجاج کر کے حکمرانوں پر واضح کر دیں گے وہ اپنے مینڈیٹ پر ڈالے گئے ڈاکے کو ہرگز نہیں بھولے، وہ دن دور نہیں جب عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی باعزت سرخرو ہوں گے اور جھوٹے اور بے بنیاد مقدمات بنانے والے منہ چھپاتے پھریں گے، عمران خان کی مسلسل اور انتھک سیاسی جدوجہد کی وجہ سے عوام کو اپنے حقوق کا شعور ملا اسی وجہ سے حکمران بدترین خوف کا شکار ہیں۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ عمران خان کو

بقیہ نمبر 13

اساتذہ حقوق پر کسی کو ڈاکہ نہیں ڈالنے دینگے' اصغر کاہلوں

پنجاب حکومت نے اپنے ایک سالہ دور حکومت میں اساتذہ کو سخت مایوس کیا

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) تعلیم کی بہتری کیلئے اساتذہ کو پنجاب حکومت سے بڑی اُمیدیں وابستہ تھیں لیکن پنجاب حکومت نے اپنے ایک سالہ دور حکومت میں اساتذہ کو سخت مایوس کیا ہے سرکاری اداروں کو پرائیویٹ شعبہ کے حوالے کر کے غریب عوام کو تعلیم سے دور رکھنے کی بنیاد رکھ دی گئی ہے تعلیم کو بہتری کی طرف گامزن کرنے کا دعوی کرنے والوں نے اپنی ناکام پالیسیوں کی وجہ سے تعلیم کا بیڑہ غرق کر دیا ہے اور تعلیم و اساتذہ دشمن پالیسوں کو نافذ کر کے اساتذہ کو سخت کرب و ذہنی اذیت میں بھی مبتلا کر دیا ہے لیکن پنجاب بھر کے اساتذہ اپنے حقوق کے

بقیہ نمبر 14

چیئرمین گوجرانوالہ بزنس سینٹر احمد اکرام لون مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز شاہ کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

جو تنقید برداشت نہیں کر سکتا وہ اقتدار چھوڑ دے: شہزاد وٹو

اگر صحافت واقعی ریاست کا چوتھا ستون ہے تو حالیہ قانون سازی درست نہیں

کوئی شخصیت ریاست اور جمہوریت سے مقدم نہیں ہوسکتی' سماجی رہنما کا بیان

لاہور (پ ر) انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ کے مرکزی سینئر وائس چیئرمین میاں شہزاد حسن وٹو ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ جو تنقید برداشت نہیں کر سکتا وہ اقتدار چھوڑ دے، حکمران تو بڑے بردبار اور تحمل مزاج ہوتے ہیں۔ قانون دان بھی سچائی تک رسائی کے حامی ہیں، اگر واقعی ریاست کا چوتھا ستون صحافت ہے تو پھر حالیہ قانون سازی ہرگز درست نہیں۔ کوئی شخصیت ریاست اور جمہوریت سے مقدم نہیں ہوسکتی۔ اقتدار کے زعم میں جمہوری اقتدار کو روندنا کہاں کی جمہوریت ہے۔ حکمرانوں کی عدم برداشت انہیں میڈیا کے مدمقابل لے آئی ہے جبکہ

بقیہ نمبر 16

شعبہ صحت میں دُوررس اصلاحات یقینی بنانا ہوں گی: محمد علی

بیمار ہونے پر نادار عوام کی بڑی تعداد ادویات کی قیمت ادا کرنیکی سکت نہیں رکھتی

حکومت کی طرف سے فلاحی طبی مراکز کی بھرپور حوصلہ افزائی کی جائے' بات چیت

لاہور (پ ر) انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ پنجاب کے صوبائی نائب صدر محمد علی نے کہا ہے کہ ریاست کو مرکز سمیت چاروں صوبوں کی سطح پر شعبہ صحت میں دوررس اصلاحات یقینی بنانا ہوں گی۔ پنجاب میں محض جہازی سائز کے اشتہارات سے کچھ نہیں ہوگا، قومی وسائل کے ضیاع سے مزید مسائل پیدا ہوں گے۔ حکومت کی طرف سے فلاحی طبی مراکز کی بھرپور حوصلہ افزائی کی جائے۔ جو فلاحی ہسپتال فی سبیل اللہ بنیادوں پر ناداروں اور بیماروں کو طبی میدان میں ریلیف فراہم کر رہے ہیں، ان کیلئے انتظامی سطح پر مزید آسانیاں پیدا کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ اپنے ایک بیان میں محمد علی نے مزید کہا کہ بدقسمتی سے مہنگائی کی صورتحال میں مزید ابتری دیکھنے میں آئی ہے، بیمار ہونے پر نادار عوام کی بڑی تعداد بیشتر ادویات کی قیمت ادا کرنے کی سکت

بقیہ نمبر 17

قلات دہشت گرد حملے کی مذمت کرتے ہیں: قاری اعظم

25 دہشت گرد جہنم واصل کرنے پر بہادر سکیورٹی اہلکاروں کی بہادری کو سراہتے ہیں

ہر پاکستانی دہشت گردی کیخلاف جنگ میں بہادر سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑا ہے

لاہور (کائی نیوز) جمعیت علما اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ قلات میں دہشتگردی حملے کی بھرپور مذمت کرتے ہیں، 25 دہشت گرد جہنم واصل کرنے پر بہادر سکیورٹی اہلکاروں کی بہادری کو سراہتے ہیں، ہر پاکستانی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلی مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلی مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبد الحمید تونسوی، علامہ ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک دشمن پاکستان کے امن کو تباہ کرنے کیلئے جو اوچھے ہتھکنڈے استعمال کر رہے ہیں اس میں انہیں کامیابی نہیں ملے گی پاک فوج کی موجودگی

بقیہ نمبر 15

جلالپور بھٹیاں میں ٹریفک حادثے کے بعد کی تصاویر

جلالپور بھٹیاں: تیز رفتار کار کو حادثہ، پانچ افراد جاں بحق' 2 زخمی

جلالپور بھٹیاں (نامہ نگار رائے شاہد عمران) تفصیلات کے مطابق تیز رفتار کار جو گوجرانوالہ سے راولپنڈی کی طرف جا رہی تھی جلالپور بھٹیاں میں میاں اصغر بھٹی چوک کی دیوار سے ٹکرا گئی جس میں سات افراد سوار تھے حادثہ کے نتیجہ میں تین افراد موقع پر جانبحق ہو گئے جن کو قریبی ہسپتال جلالپور بھٹیاں منتقل کر دیا گیا واقع کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ون ون ٹو ٹو کی دو گاڑیاں جائے حادثہ پر پہنچ گئیں ریسکیو

بقیہ نمبر 21

بائی ڈائریکشنل میٹرز کی قیمت میں 100 فیصد اضافہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی نے سولر سسٹم میں استعمال ہونیوالی بائی ڈائریکشنل میٹرز کی قیمت میں 100 فیصد اضافہ کر دیا۔ ذرائع کے مطابق بائی ڈائریکشنل میٹر کی قیمت 33 ہزار سے بڑھ کر 65 ہزار روپے تک جا پہنچی، لیسکو نے صارفین کو بائی ڈائریکشنل میٹر کیلئے 65 ہزار روپے کے ڈیمانڈ نوٹسز کا اجراء شروع کر دیا گیا۔ بعض دفاتر میں صارفین کو 5 سے 7 ہزار روپے کا ڈیمانڈ نوٹس بھی دیا جا رہا ہے۔

محبوب علی خان
0300-9610182
زرعی سنٹر
امریکن پیسٹ کنٹرول
گھریلو وزرعی ادویات کا مرکز
ہر قسم کے بیج وکھاد بھی دستیاب ہے
پودوں کی بیماریوں کی روک تھام اور دیمک کے خاتمے کیلئے بھی رابطہ کریں
قینچی سٹاپ بالمقابل PEL فیکٹری فیروز پور روڈ لاہور

لاہور، پاکستان کیمسٹ ریٹیلرز ایسوسی ایشن کے مرکزی چیئرمین پروفیسر اسحاق میو وکلاء کو دیئے گئے ظہرانے کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

جنوری کے دوران کراچی میں کچرا کنڈیوں اور سڑکوں سے 6 نومولود کی لاشیں برآمد

کراچی (نیوز ڈیسک) گزشتہ ماہ کراچی میں کچرا کنڈیوں اور سڑکوں سے 6 نومولود کی لاشیں برآمد ہوئیں، بلدیہ، لیاری، اختر کالونی، محمود آباد، گلستان جوہر اور گلشن اقبال سے لاشیں ملیں۔ تفصیل کے مطابق ایدھی فاؤنڈیشن کے ترجمان نے جنوری میں شہر قائد سے ملنے والی نومولود بچوں کی لاشوں کے

بقیہ نمبر 12

ایاز میمن کی کراچی میں تاجروں کے قتل کی مذمت مکمل تحفظ کا مطالبہ

کراچی (کائی نیوز) آل کراچی تاجر الائنس کے چیئرمین اور عام آدمی پارٹی کے بانی ایاز میمن موتی والا نے کراچی میں حالیہ دنوں میں تاجروں کیخلاف ہونیوالی ڈکیتیوں اور قتل کے واقعات کی سخت مذمت کی ہے۔ انہوں نے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے فوری اقدامات کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ تاجروں کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے، کیونکہ یہ طبقہ ملک کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے۔

سابق ممبر پنجاب اسمبلی چودھری شبیر احمد کوٹلہ کی صاحبزادی کی وفات پر اظہار تعزیت

ملکہ (زاہد مصطفیٰ اعوان) سابق ممبر پنجاب اسمبلی چوہدری شبیر احمد کوٹلہ کی بیٹی کی وفات پر تعزیت کیلئے دوسرے روز بھی لوگوں کی آمد کا سلسلہ جاری رہا۔ اس افسوسناک موقع پر مختلف سیاسی، سماجی، اور مذہبی شخصیات نے ان سے ملاقات کی اور ان کی بیٹی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے۔ یہ دکھ بھری گھڑی چوہدری شبیر احمد کوٹلہ اور ان کے اہل خانہ کے لیے انتہائی صبر آزما ہے۔ ان کی بیٹی کی وفات پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کے لیے بڑی تعداد میں لوگوں کی آمد اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ اپنے علاقے میں ایک محترم اور معتبر شخصیت ہیں۔ تعزیت کے لیے آنے والوں میں

بقیہ نمبر 15

وکلاء نے ہمیشہ آئین وقانون کی بات کی: عرفان تارڑ

وکلاء مشکل حالات کے باوجود سائلین کو انصاف کی فراہمی کیلئے کوشاں رہتے ہیں

وکلاء پر سیون اے ٹی اے کے تحت درج مقدمات ختم کئے جائیں' بات چیت

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین عرفان صادق تارڑ نے کہا ہے کہ وکلاء پر سیون اے ٹی اے کے تحت درج مقدمات ختم کئے جائیں، وکلاء نے ہمیشہ جمہوریت کی مضبوطی اور آئین و قانون کی حکمرانی کا علم بلند کیا ہے، وکلاء برادری نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے اس پر پورا اترنے کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھوں گا۔ ان خیالات کا اظہار وائس چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد دینے کیلئے آنیوالے وکلاء کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی فاروق ڈوگر، سابق وائس چیئرمینز چودھری بابر وحید، کامران بشیر مغل، فرحان شہزاد، چودھری امجد اقبال میو، سابق چیئرمینز ایگزیکٹو کمیٹی راؤ فضل الرحمٰن، افضل دھرالہ اور دیگر بھی موجود تھے۔ وائس چیئرمین عرفان صادق تارڑ نے کہا کہ وکلاء کا انصاف کی فراہمی میں کلیدی کردار ہے جس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ وکلاء مشکل حالات کے باوجود سائلین کو انصاف کی فراہمی کیلئے کوشاں رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جعلی وکلاء اس شعبے پر دھبہ لگا رہے ہیں اور پروفیشنل وکلاء کیلئے

بقیہ نمبر 27

لاہور میں الیکٹرک بس سروس کا آغاز مستحسن ہے: شوکت ورک

مریم نواز شریف کا ہر عوامی فلاحی منصوبہ ریکارڈ مدت میں پایہ تکمیل تک پہنچتا ہے

الیکٹرک بسوں سے توانائی استعمال اور فضائی آلودگی میں واضح کمی ہوگی' بات چیت

لاہور (پ ر) ڈاکٹر اے کیو خان ہسپتال ٹرسٹ (رجسٹرڈ) کے آتھر، بانی ٹرسٹی اور جنرل سیکرٹری ڈاکٹر شوکت بابر ورک نے کہا ہے کہ لاہور میں الیکٹرک بس سروس کا آغاز مستحسن ہے، شہریوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ شہر لاہور کا شمار دنیا کے چند بڑے شہروں میں ہوتا ہے، سفری جدت نے اس کی عالمی شہرت کو چار چاند لگا دیے ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب حکومت نے عوام کو جدید اور محفوظ سفری سہولیات کی فراہمی کا وعدہ وفا کر دیا۔ لگتا ہے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم

بقیہ نمبر 26

تین سال سے لاپتہ بلال حیدر کی گمشدگی پر اہل خانہ کا احتجاج

بلال حیدر کو عدالت میں پیش کیا جائے یا رہا کیا جائے' حکام سے نوٹس لینے کی اپیل

جھنگ (بیورو رپورٹ) تین سال قبل لاپتہ ہونے والے بلال حیدر کا تا حال کوئی علم نہ ہوسکا اہل خانہ کا احتجاج، بلال حیدر کو عدالت میں پیش کیا جائے یا رہا کیا جائے، جھنگ گوجرہ روڈ کے رہائشی بلال حیدر جو کہ عرصہ تقریباً تین سال سے لاپتہ ہے اہل خانہ، بچوں اور خواتین نے اس کی بازیابی کے لیے احتجاج کیا بلال حیدر کی ہمشیرہ نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلال حیدر ان کے گھر کا واحد کفیل تھا تین سال قبل جھنگ سے لاہور جاتے ہوئے لاپتہ ہوا اس کا آج تک علم نہ ہوسکا کہ وہ کدھر ہے بلال حیدر کی ہمشیرہ نے کہا کہ وہ اداروں سے اپیل کرتی ہیں کہ اگر ان کے بھائی نے کوئی جرم کیا ہے تو اسے عدالت میں پیش کیا جائے اگر بے گناہ ہیں تو انہیں آزاد کیا جائے انہوں نے کہا کہ وہ پریشان ہیں کہ بلال حیدر اس وقت کس حال میں ہوں گے انہوں نے کہا کہ وہ اداروں سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اب کی امداد کی جائے۔

پیکا ایکٹ نامنظور
چیف جسٹس آف پاکستان ذمہ دار کون؟
وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف صاحب ذمہ دار کون؟
چیف آف آرمی جنرل عاصم منیر صاحب ذمہ دار کون؟
خانوادہ شیعہ مسنگ پرسن

جھنگ: تین سال سے لاپتہ بلال حیدر کی گمشدگی پر اہل خانہ کی جانب سے احتجاج کیا جا رہا ہے

ویانا: اقوام متحدہ ہیڈکوارٹر میں بین المذاہب ہم آہنگی کانفرنس

کانفرنس میں دنیا بھر کے سفارتکاروں' عالمی مذاہب کے رہنماؤں کی بھرپور شرکت

علامہ طاہر القادری کے صاحبزادے ڈاکٹر حسن محی الدین قادری کا کلیدی خطاب

ویانا (زاہد مصطفیٰ اعوان) آسٹریا کے شہر ویانا میں اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر میں عالمی بین المذاہب ہم آہنگی کانفرنس منعقد ہوئی، کانفرنس میں علامہ طاہر القادری کے صاحبزادے ڈاکٹر حسن محی الدین قادری نے بطور کلیدی مقرر خطاب کیا' اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر میں بین الاقوامی عالمی بین المذاہب ہم آہنگی کانفرنس منعقد ہوئی، کانفرنس میں دنیا بھر کے سفارت کاروں، عالمی مذاہب کے رہنماؤں، بین المذاہب ہم آہنگی کے حامیوں اور امن کے داعیوں نے بھرپور شرکت کی اور بین المذاہب ہم آہنگی کے عالمی امن میں کردار پر تبادلہ خیال کیا' اس موقع پر تحریک منہاج القرآن کی سپریم کونسل کے چیئرمین ڈاکٹر حسن محی الدین قادری نے خطاب کرتے ہوئے ''میثاقِ مدینہ'' کو جدید دنیا کے لیے رہنمائی کے طور پر پیش کیا اور اس کے مساوات، انصاف اور بقائے باہمی جیسے اصولوں پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ میثاقِ مدینہ کا

بقیہ نمبر 25

زمین سے عنقریب ٹکرانے والے سیارچے کی نگرانی شروع

لندن (نیٹ نیوز) یورپی خلائی ایجنسی نے ایک ایسے سیارچے کی نگرانی شروع کر دی ہے جو 2032 میں زمین سے ٹکرا سکتا ہے۔ سیارچہ YR4 27 دسمبر 2024 کو چلی میں ایک دوربین کے ذریعے دیکھا گیا لیکن اس کے بعد سے اس نے امریکا کے ساتھ ساتھ یورپ کے ماہرین فلکیات کی توجہ حاصل کر لی ہے۔ یورپی ایجنسی نے بیان میں کہا

بقیہ نمبر 18

دبئی: 3 ملکی ون ڈے سیریز کیلئے میچ آفیشلز کا اعلان

لاہور (اقبال ہارپر) آئی سی سی نے پاکستان میں ہونے والی سہ ملکی ون ڈے سیریز کے لیے میچ آفیشلز کا اعلان کر دیا۔ آئی سی سی نے ڈیوڈ بون، رچرڈ النگورتھ اور مائیکل گف کو سہ فریقی ون ڈے سیریز کے لیے میچ آفیشلز مقرر کیا ہے۔ آسٹریلیا کے ڈیوڈ بون جو آئی سی سی ایلیٹ پینل آف میچ ریفریز کے رکن ہیں، میزبان پاکستان، نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقا پر مشتمل سہ فریقی ون ڈے سیریز کے لیے پلیئنگ کنٹرول ٹیم کی قیادت کریں گے۔ سنگل لیگ

بقیہ نمبر 19

لاہور، پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ سے صدر انجمن تاجران مجاہد مقصود بٹ ملاقات کر رہے ہیں

جھنگ میں چٹیانہ قبرستان کی 33 کنال 16 مرلے اراضی واگزار کرانے کے احکامات جاری

جھنگ (بیورو رپورٹ) سابق صدر جھنگ بار افتخار عباس جٹیانہ ایڈوکیٹ کی رٹ پر لاہور ہائی کورٹ نے یوسف شاہ روڈ پر واقعہ چٹیانہ قبرستان کی 33 کنال 16 مرلے جگہ جو کہ جٹیانہ خاندان کے بزرگوں نے کئی دہائی پہلے قبرستان کے لیے عطیہ کی تھی کو ناجائز قابضین سے وا گزار کرانے کا آرڈر جاری کر دیا ڈپٹی کمشنر کو فوری طور پر جگہ خالی کرانے کا حکم ذرائع کے مطابق لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس چوہدری محمد اقبال کی عدالت میں 2024 میں سابق

بقیہ نمبر 20

پالیسی ریٹ کو تین سال کیلئے منجمد کیا جائے: اشرف بھٹی

ٹیکسز کی تعداد، شرح میں بھی کمی کی جائے، توانائی کے نرخ ناقابل برداشت

معاشی بحالی کیلئے وزیراعظم اور ان کی معاشی ٹیم کی کوششیں لائق تحسین ہیں' گفتگو

لاہور (خصوصی رپورٹر) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ پالیسی ریٹ میں کمی خوش آئند ہے لیکن موجودہ شرح اب بھی بہت زیادہ ہے، پالیسی ریٹ کو رواں مالی سال کے دوران 5 سے 6 فیصد کی سطح پر لا کر کم از کم تین سال کیلئے منجمد کیا جائے، تاجروں کے لئے بجلی اور گیس کے نرخوں میں کمی کی جائے۔ اپنے بیان میں اشرف بھٹی نے کہا کہ پالیسی ریٹ میں کمی سے ملک میں سرمایہ کاری میں اضافہ ہوگا جس سے روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ حکومت سے اپیل ہے کہ ٹیکسز کی تعداد اور شرح میں بھی کمی کی جائے، توانائی کے نرخ

بقیہ نمبر 24

والدین کو آگ لگا کر قتل کرنے والے ناخلف بیٹے کو 2 مرتبہ عمر قید 6 لاکھ روپے ہرجانے کی سزا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث اپنے والدین کو آگ لگا کر قتل کرنے والے ناخلف بیٹے کو معزز عدالت نے 2 مرتبہ عمر قید اور 6 لاکھ روپے ہرجانے کی سزا سنا دی۔ تفصیلات کے مطابق اپنے والدین کو آگ لگا کر قتل کرنے والے ناخلف بیٹے کو معزز عدالت نے سزا سنا

بقیہ نمبر 22

کارپوریٹ چیلنج کپ، جاز، مونڈے کی ٹیموں کی کامیابی

جاز کے 212 رنز کے ہدف میں ایل سی آئی صرف 51 رنز پر ڈھیر ہوگئی

لاہور (کائی نیوز) کارپوریٹ چیلنج کپ کے چھٹے ایڈیشن کے مقابلے لاہور کی مقامی گراؤنڈز میں جاری ہیں اور گزشتہ روز کھیلے گئے میچز میں جاز اور مونڈے نے کامیابی حاصل کی۔ علی گڑھ کرکٹ گراؤنڈ ماڈل ٹاؤن میں کھیلے گئے پہلے میچ میں ایل سی آئی اور جاز کی ٹیمیں مدمقابل آئیں۔ جاز کی ٹیم نے بہترین کھیل پیش کرتے ہوئے 5 کھلاڑیوں کے نقصان پر 212 رنز بنائے جبکہ ہدف کے تعاقب میں میدان میں اترنے والی ایل سی آئی کی ٹیم صرف 51 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ جاز ٹیم کے محمد عاصم کو بہترین کارکردگی پر مین آف میچ کا ایوارڈ دیا گیا۔ دوسرے میچ میں مونڈے اور نیٹ سول کی ٹیمیں ایک دوسرے کو پچھاڑنے کا عزم لے کر میدان میں اتریں۔

بقیہ نمبر 23

لاہور، کارپوریٹ چیلنج کپ کے چھٹے ایڈیشن کے میچ سے قبل نیٹ سول اور مونڈے کی ٹیموں کے کھلاڑیوں کا گروپ فوٹو

پبلشر ایم گلزار نے فاسٹ میڈیا پرنٹرز سے چھپوا کر فورتھ فلور خلیج ٹاور 38 اے جیل روڈ لاہور سے شائع کیا' جوائنٹ ایڈیٹر: محبوب اے خان' ریذیڈنٹ ایڈیٹر جھنگ یوسف رضا بھٹی' ڈپٹی ایڈیٹر زین ملک' سینئر ایڈیٹر: ایم فہیم اکرم' ایڈیٹر انویسٹی گیشن: میاں مشتاق